Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 | جمعرات، 22 جون 2023ء، 03 ذوالحجہ 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 65

مختلف وارڈز کے اے سی بند، ایکسرے، دیگر ٹیسٹ اور چیک اپ کے لئے کئی کئی گھنٹے انتظار، بعض ڈاکٹرز غائب، مریض خوار

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کا بینظیر بھٹو شہید ہسپتال راولپنڈی کا دورہ

عملے کی مٹھی گرم پر فوری ہر کام، راہداریوں میں سٹریچر پر علاج، مریضوں نے شکایات کے انبار لگا دیئے، محسن نقوی شدید برہم

ہسپتال میں علاج معالجے کی معیاری سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور صورتحال کو بہتر بنایا جائے: محسن نقوی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے بینظیر بھٹو ہسپتال راولپنڈی کا دورہ کیا۔ محسن نقوی نے ہسپتال میں مریضوں کو علاج معالجے کی فراہم کردہ سہولتوں کا جائزہ لیا اور مختلف وارڈز کا معائنہ کیا۔ محسن نقوی نے مریضوں اور تیمارداروں سے ہسپتال میں طبی سہولتوں کے بارے میں پوچھا۔ مریضوں اور تیمارداروں نے علاج معالجے کی ناکافی سہولتوں کے بارے میں شکایات کے انبار لگا دیئے۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کے دورے کے دوران مختلف وارڈز کے اے سی بند تھے۔ مریض ایکسرے، دیگر ٹیسٹ اور چیک اپ کیلئے کئی کئی گھنٹے انتظار میں کھڑے تھے۔ وارڈز میں بعض ڈیوٹی ڈاکٹرز غائب تھے اور مریض علاج معالجے کیلئے خوار ہو رہے تھے جبکہ ہسپتال کی راہداریوں میں سٹریچر پر مریضوں کا علاج بھی کیا جا رہا تھا۔ مریضوں اور تیمارداروں نے وزیراعلیٰ محسن نقوی کو بتایا کہ عملے کی مٹھی گرم کرنے پر فوری ہر کام ہو جاتا ہے۔ ہسپتال میں ادویات کی قلت ہے اور ہم باہر سے ادویات منگوانے پر مجبور ہیں۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ہسپتال میں علاج معالجے کی خراب صورتحال پر سخت ناراضگی کا اظہار کیا۔ ایم ایس اور ہسپتال انتظامیہ کی سرزنش کی اور ڈاکٹرز اور عملے کے مریضوں کے ساتھ رویے پر برہمی کا اظہار کیا۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ جس ہسپتال جاتا ہوں، یہی حالات نظر آتے ہیں۔ معیاری اور فوری طبی سہولتیں ملنا مریض کا حق ہے۔ انہوں (بقیہ نمبر 1)

صدر نے جسٹس فائز عیسیٰ کی بطور چیف جسٹس آف پاکستان تعیناتی کی منظوری دیدی

جسٹس عمر عطا بندیال، آئین کے آرٹیکل 179 کے تحت 16 ستمبر 2023 کو ریٹائرمنٹ کی عمر حاصل کرلیں گے

اسلام آباد (خبر نگار) صدر مملکت عارف علوی نے جسٹس قاضی فائز عیسی کی بطور چیف جسٹس آف پاکستان تعیناتی کی منظوری دے دی۔ صدر مملکت نے چیف جسٹس کی تعیناتی آئین کے آرٹیکل 175 اے تین کے تحت کی، اس تعیناتی کا اطلاق 17 ستمبر 2023 (بقیہ نمبر 4)

منی لانڈرنگ مقدمہ ایف آئی اے نے چوہدری پرویز الٰہی کو گرفتار کرلیا

سابق وزیراعلیٰ پنجاب کو کیمپ جیل لاہور سے گرفتار کیا گیا، ایف آئی اے ٹیم پرویز الٰہی کو لیکر ضلع کچہری روانہ ہوگئی

لاہور (خبر نگار) چوہدری پرویز الٰہی کو دوبارہ گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر پی ٹی آئی اور سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کو ایک مقدمے میں ضمانت ملنے کے بعد دوسرے مقدمے میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ایف آئی اے نے چوہدری (بقیہ نمبر 3)

الیکشن کمیشن نے ملک میں جنرل الیکشن کی تیاریاں شروع کردیں

ملک بھر کے لیے 19 لاکھ 15 ہزار پانچ سو پوسٹل بیلٹ پیپر پرنٹ کرنے کا حکم جاری کیا گیا ہے

کراچی (اسپیشل رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ملک میں جنرل الیکشن کی تیاریاں شروع کر دیں۔ الیکشن کمیشن پوسٹل بیلٹ پیپر کی پرنٹنگ شروع کروا دی، ملک بھر کے لیے 19 لاکھ 15 ہزار پانچ سو پوسٹل بیلٹ پیپر پرنٹ کرنے کا حکم جاری کیا گیا ہے۔ قومی (بقیہ نمبر 2)



اسلام آباد: معاشی بحالی پلان: وزیراعظم نے ایپکس، ایگزیکٹو اور عملدرآمد کمیٹیاں تشکیل دیدیں

دورہ فرانس میں عالمی مالیاتی اداروں کی تنظیم نو کی ضرورت پر پاکستان کا موقف پیش کرونگا، وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان

ماحولیاتی تبدیلی، بڑھتے قرضے توانائی جیسے چیلنجز خطرے کی گھنٹی ہے، وزیراعظم

قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہم اختلافات ختم کر کے قوم کی طرح آگے بڑھیں تو بہت ترقی کریں گے، ہم خون پسینہ بہائیں گے اور اس قوم کو بنائیں گے

مسائل کی عالمگیریت نے غور کرنے کیلئے تخلیقی نقطہ نظر کی ضرورت پر ضرور دیا ہے، فرانس میں نیو گلوبل فنانسنگ پیکٹ سمٹ پلیٹ فارم پر عالمی مالیاتی نظام کی اصلاحات کیلئے اصولوں اور اقدامات پر متفق ہونا چاہیے

چین پاکستان کا وہ دوست ہے جو پاکستان کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا۔ چین کی سرمایہ کاری پر گھٹیا الزامات لگائے گئے اور مجھ پر 45 فیصد کمیشن کھانے کا الزام لگایا گیا، شہباز شریف

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم کا کہنا ہے کہ دورہ فرانس میں عالمی مالیاتی اداروں کی تنظیم نو کی ضرورت پر پاکستان کا مؤقف پیش کروں گا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے ٹویٹر پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ عالمی مالیاتی ڈھانچے میں اصلاحات طویل عرصے سے اہم مطالبہ رہا ہے، ماحولیاتی تبدیلی، قدرتی آفات، بڑھتے قرضے اور توانائی جیسے چیلنجز خطرے کی گھنٹی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسائل کی عالمگیریت نے غور کرنے کیلئے تخلیقی نقطہ نظر کی ضرورت پر ضرور دیا ہے، فرانس میں نیو (بقیہ نمبر 5)

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیرصدارت اجلاس

لاہور کے زیر تکمیل ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیرصدارت وزیراعلیٰ آفس میں اجلاس منعقد ہوا جس میں لاہور کے زیر تکمیل ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سمن آباد پراجیکٹ چند روز میں مکمل کرنے کا حکم دیا اور ڈویلپمنٹ (بقیہ نمبر 7)

لاہور ہائیکورٹ نے بشریٰ بی بی کے خلاف درخواست نیب حکام کی رپورٹ کی روشنی میں نمٹادی

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے سابق چیئرمین پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی: چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف جنرل ساحر شمشاد مرزا کا دورہ چین، باہمی دفاعی تعاون کا جائزہ لیا

ہم نے بڑی محنت سے ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا، احسن اقبال

انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز تاریخی دن تھا، وزیراعظم نے ملک کے اندر سرمایہ کاری کیلئے ایک نیا ادارہ قائم کیا

حکومت کی مدت پوری ہونے کے بعد آئین کے مطابق 60 یا 90 دن کے اندر شیڈول کے تحت الیکشن ضرور ہوں گے

نارووال (نامہ نگار) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومت کی مدت پوری ہونے کے بعد آئین کے مطابق 60 یا 90 دن کے اندر شیڈول کے تحت الیکشن ضرور ہوں گے۔ نارووال میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو (بقیہ نمبر 12)

آئین وقانون کی بالادستی، جمہوری اداروں کی مضبوطی بینظیر کا مشن تھا، بلاول

آئین و پارلیمان کی بالادستی، جمہوری اداروں کی مضبوطی کے بینظیر بھٹو کے فلسفے کی پیروی کرتے رہیں گے

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مجھ سمیت پوری پارٹی شہید بینظیر کے فلسفے پر سختی سے کاربند رہے گی

کراچی (نامہ نگار) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ شہید بینظیر کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین نمونہ ان کی سوچ اور فلسفے کی پیروی کرنا ہے، بینظیر کا مشن پاکستان میں آئین وقانون کی بالادستی اور جمہوری اداروں کی مضبوطی ہے۔ شہید بینظیر بھٹو کے (بقیہ نمبر 8)

آزاد کشمیر کی تاریخ میں سب سے بڑا 432 ارب 4 کروڑ 27 لاکھ کا بجٹ پیش

اجلاس کی صدارت سپیکر اسمبلی چودھری لطیف اکبر نے کی، اجلاس میں وزیراعظم آزاد کشمیر سمیت اراکین اسمبلی نے بھرپور شرکت کی

232 ارب 4 کروڑ 27 لاکھ روپے کا بجٹ آزاد کشمیر کی حکومتی تاریخ میں سب سے زیادہ مالی وسائل و حجم کا بجٹ ہے، وزیر خزانہ

مظفر آباد (نمائندہ خصوصی) آزاد کشمیر کی حکومتی تاریخ میں آئندہ مالی سال 2023-24 کا سب سے بڑا 232 ارب 4 کروڑ 27 لاکھ کا بجٹ پیش کر دیا گیا۔ آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کا اجلاس تین گھنٹے تاخیر سے شروع ہوا، اجلاس کی صدارت سپیکر اسمبلی چودھری لطیف اکبر نے کی، اجلاس میں وزیراعظم آزاد کشمیر سمیت اراکین اسمبلی نے بھرپور شرکت کی۔ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ کرنل ریٹائرڈ وقار احمد نے کہا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے آئندہ بجٹ میں 67 ارب روپے سے زائد کا اضافہ ہو رہا ہے، آئندہ مالی سال کے لیے دستیاب مالی وسائل میں 29 فیصد کا اضافہ ہوگا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ 232 ارب 4 کروڑ 27 لاکھ روپے کا بجٹ آزاد کشمیر کی حکومتی تاریخ میں سب سے زیادہ مالی وسائل و (بقیہ نمبر 11)

محسن نقوی کا رائیونڈ میں مبینہ زیادتی کے بعد بچے کے قتل کے واقعہ کا نوٹس

گرفتار ملزم کیخلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کا حکم

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے رائے ونڈ میں مبینہ زیادتی کے بعد بچے کے قتل کے واقعہ کا سخت نوٹس لیتے ہوئے سی پی او لاہور سے رپورٹ طلب کر لی (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: وزیراعظم کے معاون خصوصی امیر مقام خطاب کر رہے ہیں

نگران وزیراعلیٰ کا گجرات میں نوجوان کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس

قانون پر سختی سے عملدرآمد اور خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف موثر کریک ڈاؤن کا حکم

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے گجرات میں ڈور پھرنے سے نوجوان کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور جاں بحق (بقیہ نمبر 31)

اعظم خان بازیابی کیس، ایس ایچ او تھانہ کوہسار آج ذاتی حیثیت میں طلب

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اعظم خان بازیابی کیس، اسلام آباد ہائیکورٹ نے وزارت قانون، نیب اور ایف آئی اے سے جواب طلب کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں سابق وزیراعظم عمران خان کے سابق پرنسپل سیکرٹری اعظم خان کی بازیابی کیلئے درخواست پر سماعت ہوئی، اسلام آباد ہائیکورٹ نے ایس ایچ او تھانہ کوہسار کو آج ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ عدالت نے وزارت قانون، نیب، آئی جی اور ایف آئی اے سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر کے جواب (بقیہ نمبر 10)

وکیل قتل کیس، عمران خان کی 3 جولائی تک حفاظتی ضمانت منظور

چیئرمین پی ٹی آئی نے حفاظتی ضمانت کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر رکھا ہے

لاہور (نیوز رپورٹر) وکیل قتل کیس، عمران خان کی 3 جولائی تک حفاظتی ضمانت منظور کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں وکیل کے قتل سے متعلق درج مقدمے میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، جسٹس علی باقر نجفی کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھارتی وزیراعظم کو امریکہ جانے کے لیے پاکستانی فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کو امریکہ جانے کے لیے پاکستانی فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت مل گئی۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی طرف سے بھارتی وزیراعظم (بقیہ نمبر 15)

لاہور میں بارشوں کے باعث ڈینگی بڑھنے کا خدشہ

لاہور میں ہاٹ سپاٹس کی تعداد تیس ہزار چار سو چوالیس ہوگئی

لاہور (سٹی رپورٹر) لاہور میں بارشوں کے باعث ڈینگی بڑھنے کا خدشہ، ضلعی انتظامیہ نے رواں برس انسداد ڈینگی کارروائیوں اور مریضوں کی تفصیلی رپورٹ مرتب کرلی۔ رپورٹ (بقیہ نمبر 14)

پیمرا اتھارٹی کا 177 واں اجلاس چیئرمین پیمرا محمد سلیم بیگ کی زیرِ صدارت منعقد

ریگولیشنز 2011 ترمیم شدہ 2022 میں نئے ٹیرف کی آفیشل گزٹ میں نوٹیفکیشن سے متعلق ضروی ترامیم کی بھی منظوری دے دی

اتھارٹی نے سابقہ فاٹا کے خیبر پختونخواہ میں انضمام اضلاع میں ایف ایم ریڈیو لائسنس کی بولی کے ذریعے لائسنسوں کے اجراء کی تجویز منظور کرلی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پیمرا اتھارٹی کا 177 واں اجلاس آج مؤرخہ 21 جون 2023ء کو چیئرمین پیمرا محمد سلیم بیگ کی زیرِ صدارت پیمرا ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اتھارٹی نے اپنے گزشتہ 176 ویں اجلاس کے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ اتھارٹی نے پیمرا (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: چیئرمین پیمرا محمد سلیم بیگ اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پتنگ بازی کا خونی کھیل، قاتل ڈور نے ایک اور جان لے لی

گجرات (نیوز رپورٹر) گجرات میں ڈھکر پلازے کے قریب قاتل گلے پر ڈور پھیرنے سے 17 سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق 17 سالہ نوجوان اپنی بہن کو کالج چھوڑ کر واپس آ رہا تھا کہ اچانک ڈور گلے پر جا پھری۔ نوجوان معاذ بغداد کالونی کا رہائشی تھا۔ مقتول کے والد (بقیہ نمبر 21)

پارلیمان کے تقدس کو برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

یوم بےنظیر کے موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کا سمر انٹرنشپ پروگرام کے انٹرنز سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ پارلیمان ملک کی سب سے بڑی دانشگاہ ہے اور سمر انٹرنشپ پروگرام میں طالب علموں کو قانون سازی کے طریقہ کار کو سیکھنے کا موقع ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان کی عزت وتکریم ہم سب پر فرض ہے اور پارلیمان کے تقدس کو برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری نظام ایک بہترین طرز حکمرانی ہے جس میں ہر عوامی نمائندے کو حلقے کے لاکھوں ووٹرز کی حمایت حاصل ہوتی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار بدھ کے روز پارلیمنٹ ہاؤس میں سمر انٹرنشپ پروگرام کے انٹرنز سے خطاب کرتے ہوئے کیا (بقیہ نمبر 19)

IMF معاہدے میں ڈیڈ لاک، پاکستان نے امریکہ سے مدد مانگ لی

امریکی سفیر کی جانب سے وزیر خزانہ کو آئی ایم ایف سے معاہدہ کیلئے تعاون کی یقین دہانی کروائی گئی

موجودہ معاشی صورتحال سے آگاہ کیا، وزیر خزانہ نے امریکی سفیر کو آئی ایم ایف سے تعطل کے شکار معاہدے بارے بھی آگاہ کیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے پاکستان میں امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم سے ملاقات میں پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان معاہدے میں کردار ادا کرنے کی درخواست کی ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق ملاقات میں پاک امریکہ باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال (بقیہ نمبر 16)

توہین الیکشن کمیشن کیس، فواد چوہدری کے قابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) توہین الیکشن کمیشن کیس، فواد چوہدری کے قابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن میں سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کیخلاف توہین الیکشن کمیشن کیس کی سماعت ہوئی، (بقیہ نمبر 22)

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے سیکرٹریٹ سب ڈویژن میں قیمتوں کی چیکنگ صفائی کا معائنہ کیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایات اور عوامی شکایات کے ازالے کے لئے اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ (بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی پولیس کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری

مختلف مقدمات میں مطلوب 04 اشتہاری مجرمان گرفتار، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں جاری، مختلف مقدمات میں مطلوب 04 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم خالد کو گرفتار کرلیا، ٹیکسلا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے رابری کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم ارشد کو گرفتار کرلیا، (بقیہ نمبر 20)

پٹرولنگ پولیس فیصل آباد ریجن کی ناجائز اسلحہ ومنشیات کے خلاف بڑی کارروائیاں

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی پٹرولنگ پولیس فیصل آباد ریجن مرزا انجم کمال کی زیر کمان اور ڈی ایس پی ملک محمد امین کی زیرِ نگرانی پٹرولنگ پوسٹ جھامرہ کے سب انسپکٹر رائے خالد احمد خان اور ASI حسن نے اپنی ٹیمز کے (بقیہ نمبر 18)

ایف آئی اے گوجرانوالہ نے 2 انسانی اسمگلرز کو گرفتار کرلیا

اٹلی پہنچنے سے پہلے ہی ایجنٹ نے جھوٹ بولا عظمت اٹلی پہنچ گیا ہے، بھائی کی گفتگو

ایف آئی اے لوگوں کو کئی کئی دن بھوکا رکھا جاتا تھا، مزید رقم دینے پر کھانا پانی دیا جاتا تھا

گوجرانوالہ (نامہ نگار) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ گوجرانوالہ سرکل نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 2 انسانی اسمگلرز کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق دونوں گرفتار ملزمان یونان میں ہونے والے حالیہ کشتی حادثے سے میں ملوث ہیں، ان انسانی اسمگلرز میں محسن (بقیہ نمبر 17)

ہائیڈروگرافی کے عالمی دن کے موقع پر سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل امجد خان نیازی کا پیغام

ہائیڈروگرافک آرگنائزیشن (IHO) کی طرف سے سمندری شعبے میں ہائیڈروگرافی کی شراکت سے متعلق ایک مخصوص موضوع منتخب کیا جاتا ہے

موضوع کا مقصد ہائیڈروگرافی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے جو کہ سمندر کے ڈیجیٹل خدوخال کی تیاری اور اسے برقرار رکھنے میں بنیادی حیثیت رکھتی ہے



کراچی (نمائندہ عوامی للکار) دنیا بھر میں ہر سال 21 جون کو ہائیڈروگرافی کا عالمی دن منایا جاتا ہے جس کا مقصد ہائیڈروگرافی کی اہمیت اور سمندری نیوی گیشن اور متعلقہ سرگرمیوں کی حفاظت، کارکردگی اور پائیداری کے بارے میں اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ ہر سال بین الاقوامی ہائیڈروگرافک آرگنائزیشن (IHO) کی طرف سے سمندری شعبے میں ہائیڈروگرافی کی شراکت سے متعلق ایک مخصوص موضوع منتخب کیا جاتا ہے۔ رواں سال ہائیڈروگرافی کے عالمی دن کا موضوع ''Hydrography Underpinning the digital twin of the ocean'' ہے۔ اس سال کے موضوع کا مقصد ہائیڈروگرافی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے جو کہ سمندر کے ڈیجیٹل خدوخال کی تیاری اور اسے برقرار رکھنے میں بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ ان ڈیجیٹل خدوخال کا مقصد سمندر کے متعدد اجزا کا ایسا ماڈل تیار کرنا ہے جس کی مدد سے ماضی اور حال کو سمجھ کر مستقبل میں رونما ہونیوالی تبدیلیوں کا قبل از وقت اندازہ لگایا جا سکے۔ ہائیڈروگرافی کا عالمی دن مختلف ہائیڈروگرافک شعبوں بشمول محفوظ نیویگیشن، میری ٹائم سیکیورٹی، ماحولیاتی تحفظ، آفات سے بچاؤ اور سمندری وسائل کی تلاش کی اہمیت کو اجاگر کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ سمندر مچھلی کے ذخائر، معدنیات اور ہائیڈروکاربن جیسے قدرتی وسائل سے مالا مال (بقیہ نمبر 25)

غلطی آپ کریں تو مدد ہم کیسے کریں، چیف جسٹس کا سابق پولیس اہلکار کو جواب

بیوی جھگڑا کر کے چلی گئی تھی، ذہنی تناؤ کا شکار تھا، پولیس اہلکار کا مؤقف

جس میں درخواست گزار نے اپنی غلطی کا اعتراف کیا اور معافی بھی مانگی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپریم کورٹ میں پنجاب پولیس کے اہلکار کی نوکری سے برخاستگی کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی، جس میں درخواست گزار نے اپنی غلطی کا اعتراف کیا اور معافی بھی مانگی۔ دوران سماعت درخواست گزار نے کہا کہ عدالت مجھے معاف کر دے، میری (بقیہ نمبر 26)

صدر ڈویژن پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز

سرچ آپریشنز تھانہ گوجرخان، روات، کہوٹہ، چونترہ، کلرسیداں میں کیا گیا

سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) صدر ڈویژن پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز، سرچ آپریشنز تھانہ گوجرخان، روات، کہوٹہ، چونترہ، کلرسیداں اور دھمیال کے مختلف علاقوں میں کیے گئے، سرچ آپریشنز میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ۔ تفصیلات کے مطابق صدر ڈویژن پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کیے، سرچ آپریشنز تھانہ گوجرخان، روات، کہوٹہ، چونترہ، کلرسیداں اور دھمیال کے مختلف علاقوں میں کیے گئے، سرچ آپریشن میں ضلعی پولیس سمیت لیڈ (بقیہ نمبر 28)

جسٹس جاوید اقبال لاپتہ افراد کمیشن سربراہ کے طور پر برقرار رہیں گے، حکم امتناع میں توسیع

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سابق چیئرمین نیب جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال کو لاپتہ افراد کمیشن کے چیئرمین کے عہدے سے ہٹانے سے روکنے کے حکم میں اسلام آباد ہائی کورٹ نے 17 جولائی تک توسیع کردی۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے (بقیہ نمبر 27)

شیخوپورہ میں ایف آئی اے پولیس کی کارروائی کشتی حادثہ میں ملوث انسانی سمگلر گرفتار تفتیش جاری

شیخوپورہ (نیوز رپورٹر) شیخوپورہ میں ایف آئی اے پولیس کی کارروائی کشتی حادثہ میں ملوث انسانی سمگلر گرفتار تفتیش جاری شیخوپورہ میں ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل نے کارروائی (بقیہ نمبر 30)

تھانہ گوجرخان کی حدود روکھیاہ میں رات کے پہر 3 گھروں میں چوری

روات سے بک کروائی گی شہ زور گاڑی بوچیال تھانہ مندرہ کی حدود میں چور لے اڑے

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ گوجرخان کے نواحی علاقے یونین کونسل قاضیاں کے گاں روکھیاہ شریف حبیب عصر۔ راجہ آفتاب نمبردار ظہور کے گھر چوری کی واردات چوتھے گھر لوٹنے کے لیے گے گھر کے افراد کے جاگنے پر بھاگ نکلے چوری کی تین وارداتوں میں چور ایک گھر سے 25 ہزار نقدی اور دوسرے گھر سے 40 ہزار نقدی جب کہ تیسرے گھر سے ایک جوڑی طلائی بالیاں اور 1 عدد انگوٹھی لے اڑے جبکہ تھانہ مندرہ کے علاقے بوچیال روڈ سے 04 مسلح ڈاکو اسلحہ کی نوک پر شہ زور لوڈر گاڑی (بقیہ نمبر 29)

سپریم کورٹ آف پاکستان
Supreme Court Of Pakistan

اسلام آباد: سپریم کورٹ آف پاکستان نے فوجی عدالتوں کے خلاف دائر درخواستیں سماعت کیلئے مقرر کردیں

Email- info@awamilalkaar.com
عوام کی بے ساختہ للکار
Daily Awami Lalkaar
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی

اشاعت خاص

چیف منسٹر پیڈ انٹرن شپ پروگرام صوبے کی تاریخ کا پہلا فلیگ شپ پراجیکٹ

پنجاب حکومت کا ڈیجیٹل خواندگی کو فروغ دینے کیلئے افسران وطلباء کا جدید نوعیت کا ٹریننگ پروگرام

عوامی تعلقات میں ڈیجیٹل کمیونیکیشن کی تربیت ایک مثالی تبدیلی

ماضی میں نوجوان نسل کی اہمیت، صلاحیتوں، ضرورتوں کو نظرانداز کیا گیا

سوشل میڈیا پر غلط معلومات کا پھیلاؤ روکنے کیلئے حکومت کا موثر حکمت عملی اپنانے کی ضرورت

ماس کمیونیکیشن کے طلباء و طالبات کو رہنمائی فراہم کر کے روشن مستقبل کی طرف گامزن کرنا ہے

ڈیجیٹل، پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے اداروں کو انٹرن شپ پروگرام مکمل کرنے والے طلباء کی خدمات پر فخر ہے



تحریر۔۔ناظم الدین
ڈائریکٹر تعلقات عامہ پنجاب

وزیر اطلاعات پنجاب عامر میر نے لاہور کے مقامی ہوٹل میں ڈی جی پی آر کے زیر اہتمام وزیراعلیٰ پنجاب پیڈ انٹرن شپ پروگرام کے سلسلہ میں ٹریننگ پروگرام "عوامی تعلقات میں ڈیجیٹل کمیونیکیشن کی تربیت ایک مثالی تبدیلی" میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری انفرمیشن علی نواز ملک، ڈائریکٹر جنرل روبینہ زاہد خان، ڈائریکٹر ان حامد جاوید اعوان، اشتیاق امین، ڈپٹی ڈائریکٹر حسیب زیدی، عبدالوحد، کیشئر ثاقب و دیگر افسران نے شرکت کی۔ وزیر اطلاعات عامر میر کی خصوصی ہدایت پر چیف منسٹر انٹرنشپ پروگرام کے تحت پانچ سو میڈیا گریجویٹس کی پرنٹ، الیکٹرونکس اور سوشل میڈیا کے شعبہ جات میں ٹریننگ کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر ٹریننگ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اطلاعات عامر میر نے کہا کہ حکومت نے وزارت اطلاعات پنجاب کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے سوشل میڈیا کی ایک جامع حکمت عملی مرتب کی ہے جس کے تحت افسران کو ٹریننگ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا ہمیں حقیقی وقت میں عوام کے خدشات، تجاویز اور امنگوں کو سننے کی رسائی دیتا ہے۔ تاہم سوشل میڈیا پر غلط معلومات کا پھیلاؤ روکنے کیلئے حکومت کو موثر حکمت عملی بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت ڈیجیٹل خواندگی کو فروغ دینے اور شہریوں کو ذمہ دارانہ سوشل میڈیا کے استعمال کے بارے میں تعلیم دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انکا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا نے عوامی رابطوں کے منظرنامے کو تبدیل کر دیا ہے، اور حکومت ایک طاقتور مواصلاتی ٹول کے طور پر اس کی اہمیت کو تسلیم کرتی ہے۔ ہم عوام کے ساتھ منسلک ہونے، شفافیت کو فروغ دینے اور زیادہ باخبر معاشرے کی تعمیر کے لیے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو مؤثر طریقے سے استعمال کرنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔ پنجاب کے صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ بیرسٹر اظفر علی ناصر نے بھی چیف منسٹر انٹرنشپ پروگرام کے شرکا سے ملاقات کی۔ "پبلک ریلیشنز کے شعبہ میں ڈیجیٹل میڈیا کی افادیت" بارے منعقدہ ٹریننگ سیشن کا انعقاد محکمہ اطلاعات و ثقافت پنجاب کی جانب سے کیا گیا ہے۔ یہ کامیاب پروگرام نے تاریخ رقم کی اور طلباء وطالبات کے لئے بہترین مستقبل کے لئے سنگ میل ثابت ہوا ہے۔ اس پروگرام سے کمیونیکیشن اور ڈیجیٹل میڈیا سے تعلق رکھنے والے طلباء میں ایک حوصلہ اور جذبہ پیدا ہوا ہے۔ اس پروگرام سے طلباء اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لئے مختلف سفارشوں کے ساتھ فری لانسر کی صورت میں و بروئے کار لائیں گے۔ ڈی جی پی آر چیف منسٹر انٹرن شپ پروگرام نے ان طلباء وطالبات میں ایک حوصلہ اور لگن پیدا کی ہے۔ جس پر حکومت پنجاب نے ان تمام طلباء وطالبات کو ایک نئے روشن جذبے کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کا موقع فراہم کیا۔ سب جانتے ہیں کہ الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا انڈسٹری میں نئے رجحانات اس امر کے متقاضی ہیں کہ نوجوان کمیونیکیشن اور میڈیا سے متعلق جدید تقاضوں پر مشتمل ٹیکنیک، ماڈل اور ریسرچ سے آشنا ہوں۔ چیف منسٹر پیڈ انٹرن شپ پروگرام صوبے کی تاریخ کا پہلا فلیگ شپ پراجیکٹ ہے جس کا مقصد بڑے شہروں کے ساتھ ساتھ دور دراز علاقوں کے میڈیا گریجویٹس کو میڈیا اور کمیونیکیشن کے جدید تقاضوں سے روشناس کرانا ہے۔ ہم سب اس امر سے بخوبی آگاہ ہیں کہ وزیراعلیٰ کے ویژن کے مطابق حکومت پنجاب نوجوانوں کیلئے ہر شعبہ ہائے زندگی میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لئے سرگرم عمل ہے۔ پاکستان کے بالخصوص پنجاب کے نوجوانوں کی خدا داد صلاحیتوں کی پوری دنیا معترف ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان نوجوانوں کو توجہ اور رہنمائی فراہم کر کے منزل کی طرف گامزن کیا جائے۔ بدقسمتی سے ماضی میں نوجوان نسل کی ضرورتوں اور خواہشات کو نظرانداز کیا گیا لیکن نوجوان طبقہ ہماری توجہ اور ترجیحات کا مرکز ہے۔ پنجاب کے دور دراز اور دشوار گزار پسماندہ علاقوں کے میڈیا گریجویٹس اپنے آپ کو بہت خوش قسمت سمجھتے ہیں جنہیں اس پروگرام کی بدولت ڈی جی پی آر میں ڈیجیٹل میڈیا سے متعلق سیکھنے اور جاننے کا موقع ملا۔ ایک ہی چھت تلے انہیں ہر قسم کا الیکٹرنک و پرنٹ میڈیا، پریس ریلیز اور ٹیکرز بنانے کے علاوہ ان کو ڈاکومنٹری، ڈیجیٹل وسوشل میڈیا، انفرمیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم، نیوز ڈاکومنٹری بنانے کے لئے سکرپٹس کی تیاری، کیمرے کا سامنا کرتے ہوئے انٹرویو، پیکج کی تیاری، ایڈیٹنگ اور دیگر عوامل کے لئے تیار رہنے بارے اعتماد اور جوش وخروش کے ساتھ اپنے کام کو مکمل کرنے کی جو تربیت دی جاتی ہے وہ ان کو کہیں بھی میسر نہیں آتی یہ تربیت ان کی عملی زندگی میں بہت کام آتی ہے۔ محکمہ اطلاعات و ثقافت پنجاب میں اطلاعاتی، صحافتی اور ثقافتی اقدار کی ترویج وترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے اور یہ ادارہ میڈیا گریجویٹس کے لئے یقینی طور پر اہمیت رکھتا ہے۔ ڈی جی پی آر سے تربیت یافتہ میڈیا گریجوایٹس صحافتی اور اخلاقی اقدار کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنی عملی زندگی میں قدم رکھے تاکہ بداعتمادی اور حوصلہ شکنی پھیلانے والی منفی قوتوں کے جھوٹے پروپیگنڈے کو ناکام بنا سکے۔

ڈی جی پی آر سے وزیراعلیٰ پنجاب پیڈ انٹرن شپ پروگرام مکمل کرنے والے ماس کمیونیکیشن کے طلباء وطالبات کو پرنٹ میڈیا کے ادارے ان کو اپنے اپنے ادارے کی زینت بنانے میں فخر محسوس کرتے ہیں۔ جن طلباء وطالبات نے اس انٹرن شپ پروگرام کے تحت تربیت حاصل کی ہے وہ اپنی اپنی صلاحیتوں کا مختلف پرنٹ میڈیا کے مختلف شعبوں میں اینکرز، نیوز کاسٹرز، کالم نگار، رپورٹرز، فلم میکرز وغیرہ کی حیثیت سے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب انٹرن شپ پروگرام کے ذریعے 500 نئے گریجویٹ طلباء کو میڈیا انڈسٹری میں اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی، وزیر انفرمیشن وکلچر عامر میر، سیکرٹری انفرمیشن علی نواز ملک اور ڈائریکٹر جنرل روبینہ زاہد خان کی ہدایت پر اس پروگرام کا اجراء ڈی جی پی آر کے ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ نے بڑی جامع حکمت عملی اور دور اندیشی سے اس کو مرتب کیا اور انتہائی باریک بینی سے ان لائق فائق طلباء کا چناؤ کیا۔ اس تمام عمل میں مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔ ان طلباء وطالبات کو ان سے متعلقہ تربیت کی فراہمی میں قابل ترین افسران کا چناؤ کیا گیا ہے۔ جن کو یہ سپروائزران کی فیلڈ سے وابستہ ہر قسم کی معمولی سے معمولی بات بارے آگاہی دیتے ہیں جن کو ہمیشہ نظر انداز کیا جاتا رہا۔ سی ایم انٹرن شپ کا مقصد بے روزگار نوجوانوں کو مخصوص ہنر کی تربیت فراہم کرنا ہے۔ ان تمام کے لیے یہ مہارتیں بہتر مستقبل کی تخلیق ثابت ہونگی۔ اس پروگرام نے لائق فائق طلباء کے لیے مکمل رہنمائی فراہم کی ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے نوجوانوں کی ترقی کے لیے یہ ایک اچھا قدم سمجھا گیا ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے طلباء اپنی سوشل نیٹ ورکنگ اور کاروباری مہارتوں کو بڑھانے کے لیے سرکاری دفاتر کے اہلکاروں کے ساتھ نیٹ ورک کا موقع کی فراہمی کیلئے مددگار ثابت ہوگا۔ ڈی جی پی آر کے زیر اہتمام میڈیا کے گریجویٹس کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب انٹرنشپ پروگرام کے لیے اہلیت کے معیار ذیل میں فراہم کیے گئے۔ پنجاب بھر کے گریجویٹ طلباء اس پروگرام کے لیے اہل رکھے گئے ہیں۔ اس پروگرام کے لیے عمر کی کوئی حد نہیں۔ لہذا کسی بھی عمر کے طلباء درخواست دینے کے اہل ہیں۔ سی ایم پنجاب انٹرن شپ پروگرام کے لیے مرد اور خواتین دونوں درخواست دینے کے اہل ہیں۔ میڈیا گریجویٹس کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب انٹرنشپ پروگرام پنجاب حکومت کے ڈائریکٹوریٹ جنرل پبلک ریلیشنز کی ویب سائٹ کے ذریعے آن لائن درخواستوں کا خیر مقدم کرتا ہے۔ بھرتی کے عمل کے ذریعے، صرف آن لائن درخواستوں کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

روبینہ افضل صاحبہ ڈی جی پی آر پنجاب



سیکرٹری اطلاعات ونشریات پنجاب: علی نواز ملک

وزیر اطلاعات پنجاب: عامر میر



نگران وزیراعلیٰ پنجاب: سید محسن رضا نقوی

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
22 جون 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 22 جون 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 14:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، ارٹوپہ، پتریاٹہ، ٹی ڈی سی پی، ایف ایچ ایس، I-8/4، سروس روڈ، مسلم ٹاؤن فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل پیپلز کالونی، علامہ اقبال، عزیز آباد، پنڈ ہون، I-14/3، نون، I-16، ایچ پی ٹی ریڈیو پاک، لکھوروڑ، امیر حمزہ، آفیسر کالونی فیڈر، راولپنڈی کینٹ سرکل، کہوٹہ سٹی۔II، حنیف شہید، چکری، ارسلان پولٹری فارم، ایس پی ڈی، پڑیال، رحمت آباد۔I، ایف ای سی ایچ ایس، سواں گارڈن۔I، پی ڈبلیو ڈی۔I، این پی ایف۔I، ڈاکٹر ٹاؤن، پارک ویو، پنڈی بورڈ، جیل پارک۔I، کار چوک، محبوب شہید فیڈرز، جہلم سرکل، کینٹ، سی ایم ایچ جہلم، ایف تھری گل افشاں، کرمالہ، کیپٹن نثار شہید، ایکسپریس منگلہ، مدوکالس، متوا فیڈرز، چکوال سرکل، دولتالہ، رمن، نشان حیدر فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا دن 13:00 بجے تک، اٹک سرکل کامرہ رورل، مانسر، گوندل، حاجی شاہ، حمید، غورغشتی، بارہ زی، مسکین آباد، شاہ دیر، ریڈیو پاک۔I&II، لارن پور، قاضی آباد، جی بی ایچ کالونی، ٹیکسلا۔I&II، شیر شاہ سوری فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

نے ہدایت کی کہ ہسپتال میں علاج معالجے کی معیاری سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور صورتحال کو بہتر بنایا جائے۔

بقیہ 2

اسمبلی کیلئے 10 لاکھ 26 ہزار پوسٹل بیلٹ پیپر پرنٹ ہونگے، پنجاب اسمبلی کیلئے 4 لاکھ 45 ہزار 5 سو جبکہ سندھ اسمبلی کیلئے ایک لاکھ 95 ہزار پوسٹل بیلٹ پیپر پرنٹ ہونگے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کیلئے ایک لاکھ 72 ہزار 5 سو پوسٹل بیلٹ پیپر، بلوچستان اسمبلی کیلئے 76 ہزار 5 سو پوسٹل بیلٹ پیپر پرنٹ ہونگے۔ پوسٹل بیلٹ پیپرز سرحدوں پر تعینات پاک فوج کیجوانوں اور اپنےشہروں سےدور تعینات سرکاری افسران وملازمین کیلئے بھی پرنٹ ہورہے ہیں، یہ پوسٹل بیلٹ پیپر وہ معذور افراد بھی استعمال کرسکیں گےجو اپنی معذوری سے الیکشن کمیشن کو آگاہ کریں گے۔

بقیہ 3

پرویز الٰہی کو منی لانڈرنگ مقدمے میں کیمپ جیل لاہور سے گرفتار کیا، ایف آئی اے ٹیم سابق وزیراعلیٰ پنجاب کو لیکر ضلع کچہری روانہ ہوگئی۔ ایف آئی اے حکام عدالت سے چوہدری پرویز الٰہی کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کریں گے۔ یادرہے کہ ایف آئی اے نے صدر پی ٹی آئی چوہدری پرویز الٰہی، مونس الٰہی اور دیگر کیخلاف مقدمہ درج کر رکھا ہے، پرویز الٰہی اور مونس الٰہی کیخلاف فراڈ، منی لانڈرنگ اور کرپشن کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ مقدمے میں کہا گیا کہ مونس الٰہی نے 2004 سے 2023 تک فرنٹ مین جبران خان کے ذریعے کرپشن کی، مونس الٰہی نے اپنے والد پرویز الٰہی کی معاونت سے کرپشن کی۔ مقدمے میں مزید کہا گیا کہ مونس الٰہی نے رشوت اور کرپشن سے کمائی گئی رقم کی منی لانڈرنگ کی، مونس الٰہی نے مختلف آف شور اور دیگر جعلی کمپنیوں کے ذریعے منی لانڈرنگ کرکے رقوم بیرون ملک منتقل کیں۔ جبکہ گزشتہ روز غیر قانونی بھرتی کیس میں اینٹی کرپشن عدالت نے چوہدری پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت منظور کی تھی۔ اینٹی کرپشن عدالت کے جج علی رضا نے صدر پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت پر محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت منظور کی اور سابق وزیراعلیٰ پنجاب کو 10 لاکھ روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دیا۔ اینٹی کرپشن عدالت میں پرویز الٰہی کی درخواست پر فریقین نے دلائل مکمل کیے تھے، عدالت نے وکلاء کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کیا تھا

بقیہ 4

سے جسٹس عمر عطا بندیال کی ریٹائرمنٹ سے ہوگا۔ موجود چیف جسٹس آف پاکستان، جسٹس عمر عطا بندیال، آئین کے آرٹیکل 179 کے تحت 16 ستمبر 2023 کو ریٹائرمنٹ کی عمر حاصل کرلیں گے۔ صدر مملکت جسٹس قاضی فائز عیسیٰ سے 17 ستمبر 2023 کو عہدے کا حلف لیں گے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کون ہیں؟ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ 26 اکتوبر 1959 کو کوئٹہ میں پیدا ہوئے، آپ کے والد مرحوم قاضی محمد عیسیٰ آف پشین، قیام پاکستان کی تحریک کے سرکردہ رکن تھے اور قائداعظم محمد علی جناح کے قریبی ساتھی تصور کیے جاتے تھے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کوئٹہ سے اپنی ابتدائی تعلیم مکمل کرنے کے بعد کراچی میں کراچی گرامر اسکول سے اے اور او لیول مکمل کیا، جس کے بعد وہ قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے لندن چلے گئے جہاں انہوں نے کورٹ اسکول لا سے بار پروفیشنل اگزامینیشن مکمل کیا۔ آپ 30 جنوری 1985 کو بلوچستان ہائی کورٹ میں ایڈووکیٹ کے طور پر رجسٹرڈ ہوئے اور پھر مارچ 1998 میں ایڈووکیٹ سپریم کورٹ بنے۔ 3 نومبر 2007 کو ایمرجنسی کے اعلان کے بعد انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ اپنے حلف کی خلاف ورزی کرنے والے ججز کے سامنے پیش نہیں ہوں گے، اسی دوران سپریم کورٹ کی جانب سے 3 نومبر کے فیصلے کو کالعدم قرار دیئے جانے کے بعد اس وقت کے بلوچستان ہائی کورٹ کے ججز نے استعفیٰ دے دیا۔ بعد ازاں 5 اگست 2009 کو جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کو براہ راست بلوچستان ہائیکورٹ کا جج مقرر کردیا گیا۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ، بلوچستان ہائی کورٹ، وفاقی شرعی عدالت اور سپریم کورٹ میں جج مقرر ہونے سے قبل 27 سال تک وکالت کے شعبے سے وابستہ رہے، انہیں مختلف مواقع پر ہائیکورٹس اور سپریم کورٹ کی جانب سے متعدد مشکل کیسز میں معاونت کے لیے بھی طلب کیا جاتا رہا، وہ انٹرنیشنل آربیٹریشن (قانونی معاملات) کو بھی دیکھتے رہے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے 5 ستمبر 2014 کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے جج کی حیثیت سے حلف اٹھایا، وہ ان دنوں اسلام آباد میں اپنی اہلیہ کے ساتھ مقیم ہیں اور ان کے 2 بچے ہیں۔ جسٹس فائز عیسیٰ اپنے بعض فیصلوں کے حوالے سے شہرت رکھتے ہیں جن میں میموگیٹ کمیشن، سانحہ کوئٹہ انکوائری کمیشن 2016، آرٹیکل 183 (3) کی تجدید کا معاملہ 2018، فیض آباد دھرنا فیصلہ 2019، پی سی او ججز کیس اور ان کیخلاف ریفرنس بھی شامل ہیں۔ تعیناتی کے بعد ان کا دور بہت مختصر ہوگا وہ 25 اکتوبر 2024 کو عہدے سے ریٹائر ہو جائیں گے۔

بقیہ 5

گلوبل فنانسنگ پیکٹ سمٹ پلیٹ فارم پر عالمی مالیاتی نظام کی اصلاحات کیلئے اصولوں اور اقدامات پر متفق ہونا چاہیے۔ قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہم اختلافات ختم کرکے قوم کی طرح آگے بڑھیں تو بہت ترقی کریں گے، ہم خون پسینہ بہائیں گے اور اس قوم کو بنائیں گے۔ ماضی کی مجرمانہ غفلت کی وجہ سے اسلام آباد اور دیہی علاقے کے لوگ ترقی سے محروم رہے، گزشتہ سال سیلاب آیا تو پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش کی گئی۔ ہم پر امریکہ نواز حکومت کا الزام لگایا گیا، 9 مئی کو ان کی سازش اور ملک دشمنی انتہا کو پہنچ گئی۔ انہوں نے پی ٹی آئی قیادت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان نے چین کے ساتھ معاملات خراب کیے، چین پاکستان کا وہ دوست ہے جو پاکستان کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا۔ چین کی سرمایہ کاری پر گھٹیا الزامات لگائے گئے اور مجھ پر 45 فیصد کمیشن کھانے کا الزام لگایا گیا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ مجھے چار سال جیلوں میں گھماتے رہے لیکن کوئی ثبوت نہ لاسکے، خدا کا شکر ہے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوگیا۔ گزشتہ حکومت میں ملک کی ہر چیز زمین بوس ہوگئی تھی، ہم ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں۔

بقیہ 6

بی کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کے لیے دائر درخواست نیب حکام کی رپورٹ کی روشنی میں نمٹا دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس امجد رفیق نے بشریٰ بی بی کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کے لیے درخواست پر سماعت کی۔ عدالت میں تمام فریقین نے رپورٹس عدالت میں جمع کروا دی تھیں تاہم نیب نے جواب داخل کرانے کے لیے مہلت طلب کی تھی۔

بقیہ 7

پراجیکٹس میں تاخیر کے اسباب فوری طور پر دور کرنے کی ہدایت کی۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ سمن آباد پراجیکٹ کو عوام کی سہولت کیلئے جلد از جلد فنکشنل کیا جائے اور عوام کو درپیش ٹریفک کے مسائل کے پیش نظر شاہدرہ پراجیکٹ کو جلد از جلد مکمل کرنے کیلئے تمام تر اقدامات کئے جائیں۔ اجلاس میں ایلی ویٹڈ ایکسپریس وے پراجیکٹ کے امور اور سی بی ڈی مین بلیوارڈ پراجیکٹ پر پیشرفت، مین بلیوارڈ گلبرگ تا والٹن سگنل فری کوریڈور پراجیکٹ کے تکنیکی پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں نواز شریف انٹرچینج انڈر پاس، ارفع کریم ٹاور تا پائن ایونیو پراجیکٹ اور گھوڑا چوک، خالد بٹ چوک اور اکبر چوک منصوبوں پر کام کی رفتار کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر ہاؤسنگ اظفر علی ناصر، چیئرمین پی اینڈ ڈی، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو، سیکرٹری خزانہ، کمشنر لاہور ڈویژن/ڈی جی ایل ڈی اے، ڈپٹی کمشنر لاہور اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 8

یوم پیدائش پر اپنے پیغام میں چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مجھ سمیت پوری پارٹی شہید بینظیر کے فلسفے پر سختی سے کاربند رہے گی، آئین وپارلیمان کی بالادستی، جمہوری اداروں کی مضبوطی کے بینظیر بھٹو کے فلسفے کی پیروی کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر بھٹو اندھیروں میں گھری قوم کیلئے روشنی کی کرن تھیں، آج شہید بینظیر بھٹو کی سوچ وفلسفہ مشکل حالات میں ملک کیلئے روشنی کا مینار ہیں، ماضی میں بھی پاکستان کو کئی بار مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑا لیکن عوام کو یقین ہوتا تھا کہ چاہے حالات کتنے ہی کٹھن کیوں نہ ہوں، "بینظیر آئے گی، روزگار لائے گی"۔ بلاول بھٹو زرداری کا مزید کہنا تھا کہ اگر آئندہ عام انتخابات میں عوام نے پیپلز پارٹی کو مینڈیٹ دیا تو آنے والی عوامی حکومت بھی روزگار لائے گی، بینظیر ایک تاریخ ساز شخصیت اور انسان دوست تحریک کا نام ہیں، آج جمہوریت کے پودے کا پروان چڑھنا، شہید بینظیر بھٹو کی طویل وانتھک جدوجہد اور قربانیوں کا ثمر ہے۔

بقیہ 9

سماعت کی۔ لاہور ہائیکورٹ نے عمران خان کی 3 جولائی تک حفاظتی ضمانت منظور کرلی۔ یادرہے کہ سپریم کورٹ کے وکیل عبدالرزاق شر کے قتل کیس میں تحقیقات کے لیے تشکیل کردہ جے آئی ٹی نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو ذاتی حیثیت میں طلب کر رکھا ہے۔ عمران خان کو 26 جون کو ذاتی حیثیت میں پیش ہوکر بیان ریکارڈ کرانے کے لیے کوئٹہ طلب کیا گیا۔ جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم نے اس ضمن میں عمران خان کو نوٹس بھی بھیج دیا تھا۔ نوٹس میں چیئرمین پی ٹی آئی کو تعزیرات پاکستان کی دفعہ 160 کے تحت جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہوکر اپنے دفاع میں بیان ریکارڈ کرانے کا کہا گیا۔ جبکہ عمران خان نے قتل کے مقدمہ میں نامزدگی سپریم کورٹ میں چیلنج کر دی۔ بلوچستان ہائیکورٹ کے فیصلے کے خلاف درخواست وکیل لطیف کھوسہ کے ذریعے دائر کی گئی۔ درخواست میں ایف آئی آر کو کالعدم کرنے کی استدعا کی گئی۔ درخواست میں مؤقف اپنایا گیا کہ ٹھوس شواہد کے بغیر سابق وزیراعظم کو مقدمہ میں طلب بھی نہیں کیا جاسکتا۔ یہاں یہ بھی واضح رہے کہ سپریم کورٹ کے وکیل عبدالرزاق شر کے قتل کا مقدمہ عمران خان کے خلاف درج کیا گیا تھا، عبدالرزاق شر کے قتل کا مقدمہ شہید جمیل کاکڑ تھانے میں درج کیا گیا۔ مقتول کے بیٹے کی مدعیت میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان اور دیگر کیخلاف مقدمہ درج کیا گیا، ایف آئی آر میں قتل اور انسداد دہشت گردی ایکٹ سمیت دیگر دفعات شامل کی گئیں۔

بقیہ 10

طلب کرلیا۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ اعظم خان کی تلاش کے لیے مختلف فورمز پر ہر ممکن کوشش کی لیکن وہ نہیں ملے، ایف آئی اے بھی ماضی میں اعظم خان کو ہراساں کرتی رہی۔ نیب نے القادر ٹرسٹ کیس میں بطور گواہ اعظم خان کو طلب کیا، اعظم خان کی بازیابی کیلئے متعلقہ اداروں کو حکم دیا جائے۔ یادرہے کہ گزشتہ دنوں سابق پرنسپل سیکرٹری اعظم خان لاپتہ ہوگئے تھے، اہلخانہ کی جانب سے تھانہ کوہسار میں درخواست جمع کرائی گئی۔ درخواست اعظم خان کے بھتیجے کی جانب سے دی گئی جس میں کہا گیا کہ اعظم خان گھر سے نکلے جس کے بعد واپس نہیں آئے۔ اعظم خان کا موبائل فون بھی بند ہے۔ یہاں یہ بھی واضح رہے کہ نیب نے القادر ٹرسٹ کیس میں نیب کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری اعظم خان کو بھی 19 جون کو نیب راولپنڈی میں طلب کیا گیا تھا۔ جبکہ سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کو 22 جون کو طلب کیا گیا تھا۔ نیب کی جانب سے جاری نوٹس میں بشریٰ بی بی کو القادر ٹرسٹ سے متعلقہ دستاویزات ہمراہ لانے کی ہدایت کی گئی۔ بشریٰ بی بی کو اس سے قبل 13 جون کو بھی طلب کیا گیا تھا مگر وہ پیش نہیں ہوئی تھیں، اعظم خان کو اس سے قبل 6 جون کو بھی طلب کیا گیا تھا مگر وہ پیش نہیں ہوئے تھے۔

بقیہ 11

حجم کا بجٹ ہے، انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کو اقتدار سنبھالے ہوئے صرف 2 ماہ کا قلیل عرصہ ہوا ہے، کثیر مالی وسائل کی دستیابی کو ممکن بنانا اس حکومت کا بڑا کارنامہ ہے۔ وقار احمد نے بجٹ کی مزید تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ بجٹ میں پنشن کیلئے 35 ارب، ریلیف اور بحالی کیلئے ایک ارب 99 کروڑ، عدلیہ کیلئے 3 ارب، داخلہ کیلئے 8 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ترقیاتی منصوبوں کیلئے 42 اور غیر ترقیاتی اخراجات کیلئے ایک کھرب 90 ارب روپے مختص کیے گئے، بورڈ آف ریونیو کیلئے ایک ارب 67 کروڑ اور تعلقات عامہ کیلئے 37 کروڑ 93 لاکھ رکھے گئے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ وقار احمد نے کہا کہ بھارت جموں وکشمیر میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوشش کر رہا ہے، ایوان کو 9 مئی کے واقعات پر گہری تشویش ہے۔

بقیہ 12

پچھلے 4 سال میں تباہ کیا گیا، عالمی سرمایہ کاروں کو بھگا دیا گیا، اب چین بھی بڑے منصوبوں پر سرمایہ کاری کرتے نظر آ رہا ہے، ہم نے پچھلے ایک سال کے دوران بڑی محنت سے ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا، ملک کے اندر آئین کے مطابق جو مدت ہے اس پر حکومت علیحدہ ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز تاریخی دن تھا، وزیراعظم نے ملک کے اندر سرمایہ کاری کیلئے ایک نیا ادارہ قائم کیا، جس میں پاکستان کے سول، ملٹری ادارے مل کر کوشش کریں گے، پاکستان میں بیرونی سرمایہ کاری کرنے والے بالخصوص خلیجی ممالک کویت، سعودی عرب، یواے ای دیگر شامل ہیں، ان سے ہم بلین آف ڈالرز کی ایگریکلچر، مائننگ، آئی ٹی کے اندر انویسٹمنٹ لے کر آئے ہیں۔ احسن اقبال نے مزید کہا ہے کہ انویسٹمنٹ کو آگے بڑھانے کیلئے ون ونڈو آپریشن قائم کیا جائے گا، کل چین نے پاکستان میں ایٹمی توانائی پلانٹ کیلئے ساڑھے تین ارب ڈالرز کی سرمایہ کاری کے معاہدے پر دستخط کئے ہیں، اس پر اگلے مہینے کام شروع ہوجائے گا، شاہد خاقان عباسی ہمارا اثاثہ ہیں، انہوں نے قربانیاں دی ہیں، وہ پارٹی نہیں چھوڑ سکتے، وہ پکے ساتھی ہیں۔

بقیہ 13

ہے اور گرفتار ملزم کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کا حکم دیا ہے۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ متاثرہ خاندان کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ محسن نقوی نے کہا کہ گھناؤنے جرم میں ملوث ملزم کسی رعایت کا مستحق نہیں۔ محسن نقوی نے مقتول بچے کے لواحقین سے دلی ہمدردی وتعزیت کا اظہار کیا ہے اور انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

بقیہ 14

کے مطابق لاہور میں ہاٹ سپاٹس کی تعداد 30 ہزار 444 ہوگئی، رواں سال ڈینگی کے 1058 مشتبہ کیسز سامنے آئے، کنفرم کیسز کی تعداد 69 ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے تین نئے کنفرم کیسز سامنے آئے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ڈیڑھ ماہ میں ڈینگی کے 47 کنفرم کیسز رپورٹ ہوئے، رواں سال 28 ہزار 657 مقامات سے ڈینگی لاروا برآمد ہوا۔ رواں سال 28 ہزار 657 مقامات سے ڈینگی لاروا برآمد ہوا۔ ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 27 ہزار 146 افراد کو نوٹسز جاری کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق قوانین پر عملدرآمد نہ کرنے پر 1294 افراد کیخلاف مقدمات درج، 60 افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 637 کو نوٹس، 63 کے خلاف مقدمات درج ہوئے۔

بقیہ 15

کے طیارے کو امریکہ جانے کے لیے لیے فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت ملنے کے بعد نریندر مودی کا خصوصی طیارہ امرتسر سے داخل ہوا اور لاہور، گوجرانوالہ، راولپنڈی کوہاٹ اور پشاور سے ہوتا ہوا نیویارک کی طرف چلا گیا۔ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے خصوصی طیارے کی پاکستانی فضائی حدود استعمال کرنے کے لیے بھارتی حکومت نے خصوصی طور پر درخواست کی تھی جسے پاکستان نے فوری طور پر منظور کرلیا تھا۔ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی منگل کو تین روزہ سرکاری دورے پر امریکہ کے لیے روانہ ہوئے، جو قریبی اتحادیوں کے لیے مختص ہوتا ہے۔ وہ اس دورے کے دوران امریکہ کے کاروباری رہنماؤں اور بیرون ملک مقیم بھارتی افراد سے ملاقاتیں کرنے کے ساتھ ہی امریکی صدر جو بائیڈن کی طرف سے ان کے اعزاز میں وائٹ ہاؤس میں دیے جانے والے سرکاری عشائیہ میں بھی شرکت کریں گے۔ وہ اس موقع پر امریکی کانگریس کے مشترکہ اجلاس سے دوسری بار خطاب کریں گے۔ اس سے پہلے بھارت کے کسی رہنما نے اس ایوان سے دوبار خطاب نہیں کیا ہے، اور اس طرح وہ دنیا کے ان چنندہ رہنماؤں میں سے ہوں گے، جو دوبار تقریر کر چکے ہیں۔ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا، "کسی بھی بھارتی وزیراعظم نے کانگریس سے دوبار خطاب نہیں کیا۔ دنیا بھر میں بھی بہت کم لوگوں نے ایسا کیا ہے۔ ... جیسے ونسٹن چرچل، نیلسن منڈیلا... اس لیے اس کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔" اس بات کی توقع کی جارہی ہے کہ اس دورے کے دوران امریکہ اور بھارت کے درمیان کاروبار اور ٹیکنالوجی کے لحاظ سے متعدد معاہدوں کی توقع ہے، جس میں جیٹ انجن ٹیکنالوجی کی منتقلی کا معاہدہ شامل ہے۔

بقیہ 16

کیا گیا، وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے امریکی سفیر کو ملک کی موجودہ معاشی صورتحال سے آگاہ کیا، وزیر خزانہ نے امریکی سفیر کو آئی ایم ایف سے تعطل کے شکار معاہدے بارے بھی آگاہ کیا۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے امریکی سفیر کو آئی ایم ایف سے معاہدے کیلئے کردار ادا کرنے کی درخواست کی جس پر امریکی سفیر کی جانب سے وزیر خزانہ کو آئی ایم ایف سے معاہدہ کیلئے تعاون کی یقین دہانی کروائی گئی، امریکی سفیر آئی ایم ایف سے پروگرام بحالی کیلئے بات چیت کریں گے

بقیہ 17

جاوید اور شرافت علی شامل ہیں، ملزمان کو گوجرانوالہ سے گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا گیا ہے اور ان سے مزید تفتیش شروع کردی گئی۔ ایف آئی اے ترجمان نے بتایا کہ ملزمان نے کشتی حادثے کے ایک متاثرہ شخص کو یورپ بھجوانے کیلئے 25 لاکھ روپے ہتھیائے اور متاثرہ شخص عمیر یحییٰ لیبیا سے اٹلی جاتے ہوئے کشتی حادثے میں جاں بحق ہوگیا۔ ادھر یونان کشتی حادثے میں زندہ بچ جانے والے 12 خوش نصیب پاکستانیوں میں گجرات کا عظمت بھی شامل ہے، عظمت اپنے مال مویشی بیچ کر یورپ کے لیے نکلا تھا۔ عظمت کے بھائی نے کہا کہ ایجنٹ سے 24 لاکھ میں بات طے ہوئی، عظمت مارچ کی 30 تاریخ کو گھر سے نکلا تھا، لیبیا پہنچنے پر ایجنٹ نے 12 لاکھ کی رقم وصول کی۔ عظمت کے بھائی نے بتایا کہ لوگوں کو کئی کئی دن بھوکا رکھا جاتا تھا، مزید رقم دینے پر کھانا پانی دیا جاتا تھا، اٹلی پہنچنے سے پہلے ہی ایجنٹ نے جھوٹ بولا کہ عظمت اٹلی پہنچ گیا ہے، باقی رقم لے آؤ۔ عظمت کے بھائی نے کہا کہ جب حادثے کا علم ہوا تو ایجنٹ کے گھر گئے تو وہ موجود نہیں تھا۔

بقیہ 18

ہمراہ کامیاب کاروائی کرتے ہوئے ملزمان طارق محمود ولد امیر علی سے 01 رائفل جدید پمپ اور 18 گولیاں جبکہ محمد اقبال ولد ارشاد سے 01 پسٹل 30 بور اور 06 گولیاں برآمد کرکے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کردیے ہیں اسی طرح پٹرولنگ پوسٹ پل پڑوپیاں کے سب انسپکٹر مجاہد علی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ دوران گشت وناکہ بندی ملزم ارشد علی ولد رمضان سے 01 پسٹل 30 بور اور گولیاں برآمد کرکے ملزم کے خلاف تھانہ ساہیانوالہ میں مقدمہ درج کردیا گیا ہے۔ پٹرولنگ پوسٹ کھائی بنگلہ کے عبیداللہ ASI نے ملزم ناصر ولد شفیع سے 01 پسٹل 30 بور اور گولیاں برآمد کرکے مقدمہ درج کر دیا۔ پٹرولنگ پوسٹ کانیاں بنگلہ کے افضل تنویر ASI نے ملزم محمد یوسف سے 01 پسٹل 30 بور برآمد کر کے مقدمہ درج کر دیا۔ اور پٹرولنگ پوسٹ بوڑیول کے ابرار حسین ASI اور غلام مصطفیٰ ASI نے 02 چور شدہ موٹر سائیکل برآمد کرکے ملزم محمد حسین اور احمد مصطفیٰ کے خلاف مقدمات درج کر دیئے۔ ادھر پٹرولنگ پوسٹ 312 گ۔ب کے ساجد رضا ہیڈ کنسٹیبل نے ناجائز اسلحہ کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ملزم محمد انس ولد شبیر حسین سے 01 پمپ ایکشن 12 بور برآمد کرکے مقدمہ درج کیا جبکہ منشیات کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے پٹرولنگ پوسٹ 728 گ۔ب کے محمد اسلم ASI نے ملزم محمد نمروز سے 112 گرام چرس برآمد کرکے حوالات منتقل کردیا۔ بذریعہ ای پولیس ایپ چیکنگ کے دوران پٹرولنگ پوسٹ 279 ج۔ب، اصغر آباد، جھوک موڑ، حویلی بہادر شاہ، گلشن رضا، روشن والی جھال، جسوآنہ بنگلہ، 96 گ۔ب، 773 گ۔ب، جھامرہ اور اصغر آباد کی ٹیمز نے پولیس کو مطلوب 07 عدالتی مفرور ان اور 07 اشتہاری مجرمان گرفتار کرکے حوالات منتقل کردیا ہے۔ اس موقع پر ایس ایس پی پٹرولنگ فیصل آباد ریجن مرزا انجم کمال نے پٹرولنگ ٹیمز کو سراہتے ہوئے جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائیاں جاری رکھنے کی ہدایت کی ہے

بقیہ 19

۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے پارلیمان اور نوجوان نسل کے درمیان خلیج کو ختم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پارلیمان ایک ایسی جگہ ہے جہاں سیاسی رہنما اتفاق رائے کے ساتھ قوم کی تقدیر بدلنے کے لئے دن رات محنت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید محترمہ بےنظیر بھٹو نے جمہوریت کی بحالی کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہید بے نظیر بھٹو نے آخری سانس تک آمریت کے خلاف جدوجہد کی۔ انہوں نے بھٹو خاندان کے ملک کی تعمیر وترقی کیلئے لازوال قربانیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے عام عوام کو ووٹ کا حق دیا۔ اسپیکر نے 9 مئی کے پرتشدد واقعات اور شہدا کی یادگاروں کی بے حرمتی کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اختلاف رائے کے آڑ میں کسی کو بھی انتشار پھیلانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ شہدا نے ملک کے دفاع کیلئے جو قربانیاں دی ان کو فراموش نہیں کیا جاسکتا اور انکی عزت وتکریم کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ قومی اسمبلی کے سیکرٹری طاہر حسین نے سمر انٹرنشپ پروگرام کے انٹرنز کو قومی اسمبلی میں خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا پارلیمان ہم سب کا گھر ہے اور نوجوان انٹرنز کو اس باوقار ادارے میں کام کرنے کا مواقع فراہم کرنا خوش آئند ہے۔ قومی اسمبلی کے ایڈیشنل سیکرٹری برائے خصوص اقدامات سید شمعون ہاشمی نے سمر انٹرنشپ پروگرام کے مختلف خدوخال کا خاکہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ نوجوان طالب علموں کو ایک ماہ تک پارلیمان میں رہتے ہوئے مختلف شعبوں سے قانون سازی کے مختلف مراحل کا مشاہدہ کرنے کا موقع مل سکے گا۔ انٹرنشپ پروگرام کے آغاز کے بعد اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے وومن پارلیمنٹری کاکس کی سیکرٹری شاہدہ رحمانی، ایس ڈی جیز ٹاسک فورس کی کنوینر روبینہ خورشید عالم اور نوجوان انٹرنز کے ہمراہ محترمہ بےنظیر بھٹو کی 70 ویں سالگرہ کے موقع پر سالگرہ کا کیک کاٹا اور ان کی روح کی ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔۔

بقیہ 20

تھانہ پیرودہائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چوری کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم رحمت علی اور امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم نور زمان کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرمان راولپنڈی پولیس کو مطلوب تھے، اشتہاری مجرمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 21

ذوالفقار اسلم کی مدعیت میں نامعلوم افراد کیخلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ مقدمہ قتل کی دفعات کے تحت درج کی گیا ہے۔ مزید پڑھیں: پنجاب میں تنظیمی ڈھانچہ تبدیل، ن لیگ نے ورکنگ شروع کردی واضح رہے کہ گجرات پولیس پتنگ بازوں کو قابو کرنے میں ناکام ہے۔ گجرات ضلع بھر میں پتنگ فروشوں کو کھلی چھوٹ ملی ہے۔

بقیہ 22

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں 5 رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ چیف الیکشن کمشنر نے ریمارکس دیئے کہ فواد چوہدری کو ذاتی حیثیت میں طلب کر رکھا تھا، سابق وفاقی وزیر نے تک جواب جمع نہیں کرایا۔ الیکشن کمیشن نے فواد چوہدری کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے، الیکشن کمیشن نے کیس کی سماعت 6 جولائی تک ملتوی کردی۔ یادرہے کہ اس سے قبل توہین الیکشن کمیشن کیس میں فواد چوہدری کو شوکاز نوٹس جاری کیا گیا تھا، الیکشن کمیشن میں سابق پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری کیخلاف توہین الیکشن کمیشن کیس کی سماعت ہوئی، چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں 5 رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ فواد چوہدری کے وکیل فیصل چوہدری الیکشن کمیشن میں پیش نہیں ہوئے تھے۔ معاون وکیل نے بتایا کہ فیصل چوہدری سیشن کورٹ میں مصروف ہیں، فیصل چوہدری کے معاون وکیل نے کازلسٹ الیکشن کمیشن میں جمع کرائی۔ چیف الیکشن کمشنر نے ریمارکس دیئے کہ یہ بہانہ ہے، الیکشن کمیشن 28 فروری سے اب تک کیس کی 6 سماعتیں کرچکا ہے، فواد چوہدری الیکشن کمیشن میں پیش نہیں ہوئے۔ الیکشن کمیشن نے فواد چوہدری کو شوکاز نوٹس جاری کیا اور انہیں آئندہ سماعت پر پیش ہونے کا حکم دیا تھا۔ کیس کی مزید سماعت 15 جون تک ملتوی کی گئی۔ جبکہ الیکشن کمیشن نے فواد چوہدری کو 6 جون کو بھی ذاتی حیثیت میں طلب کیا تھا۔ فواد چوہدری کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا تھا کہ سیکرٹری الیکشن کمیشن کے اختیارات کے حوالے سے اعتراضات ہیں۔

بقیہ 23

ا(ڈسٹری بیوشن سروس آپریشنز) ریگولیشنز 2011 ترمیم شدہ 2022 میں نئے ٹیرف کی آفیشل گزٹ میں نوٹیفکیشن سے متعلق ضروری ترامیم کی بھی منظوری دے دی جبکہ پیمرا اتھارٹی نے پیمرا رولز 2009ء کی لینڈنگ رائٹس پرمیشن ہولڈر چینلز سے متعلق شق 13(1) میں ترمیم اور ویب ٹی وی اور او ٹی ٹی کونٹینٹ سروس کو براڈکاسٹ میڈیا سروسز کے دائرہ کار میں اندراج کے لیے کمیٹیاں تشکیل دے دیں۔ دریں اثناء اتھارٹی نے سیٹلائٹ ٹی وی لائسنس یافتگان کی مینجمنٹ میں تبدیلی کی فیس میں نظرثانی کی تجویز بھی منظور کرلی۔ اتھارٹی نے سیٹلائٹ ٹی وی چینل "Herald Entertainment" کی ملکیت میسرز زاروڑا براڈکاسٹنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے میسرز جاگ براڈکاسٹنگ سسٹم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو منتقلی کی درخواست کو منظور کرلیا۔ مزید برآں اتھارٹی نے میسرز زایچ بی میڈیا (پرائیویٹ) لمیٹڈ (کیپٹل ٹی وی) کی مینجمنٹ میں تبدیلی اور کمپنی میں نئے ڈائریکٹرز وشیئر ہولڈرز کو شیئرز کی منتقلی کی درخواست منظور کرلی۔

بقیہ 24

، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے سیکرٹریٹ سب ڈویژن میں قیمتوں کی چیکنگ، پولی تھین بیگز کے غیر مجاز استعمال اور مجموعی صفائی کا معائنہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کے مطابق جرمانہ عائد کیا اور وارننگ دی گئی، اس کے ساتھ ساتھ اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے فٹ پاتھوں سے تجاوزات بھی ہٹادی،

بقیہ 25

ہیں جن کے استعمال کے لیے ہائیڈروگرافک ڈیٹا بہت اہم ہے جو کہ دنیا کی معیشت میں ہائیڈروگرافرز کی شراکت کی عکاسی کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کے کنونشن برائے بحری قوانین (UNCLOS) کے مطابق پاکستان دیگر ساحلی ریاستوں کی طرح سمندری جہازوں کو درست سمندری معلومات فراہم کرنے کے لیے اپنے پانیوں کے ہائیڈروگرافک سروے اور ناٹیکل چارٹس/نقشے تیار کرنے کا ذمہ دار ہے۔ قومی/بین الاقوامی ہائیڈروگرافک ذمہ داریوں کو مناسب طور پر مخصوص اتھارٹی کے ساتھ نبھانے کے لیے پاک بحریہ نے پاکستان نیوی ہائیڈروگرافک ڈیپارٹمنٹ (PNHD) کو نیشنل ہائیڈروگرافک آفس (NHO) اور ہائیڈروگرافر آف پاکستان نیوی (HPN) کو بطور ہائیڈروگرافر آف پاکستان (HOP) کا منصب دینے کیلئے حکومتِ پاکستان سے رابطہ کیا جس پر حکومت نے 29 جولائی 2022 کو منظوری دی جس سے ہماری قومی اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کو ہم آہنگ کرنے کے ساتھ ساتھ علاقائی اور بین الاقوامی ہائیڈروگرافک فورمز پر پاکستان کی آواز کو تقویت ملی ہے۔ باقاعدگی سے سروے کرنے اور سمندری اشاعتوں کو اپ ڈیٹ کرنے کے علاوہ، نیشنل ہائیڈروگرافک آفس (NHO) کا ایک اہم کام ہمارے علاقے کے الیکٹرانک نیویگیشنل چارٹس (ENCS) کی تیاری ہے تاکہ سمندر میں سفر کرنیوالوں تک آسان رسائی اور وسیع تر استعمال ہو سکے۔ اس کے علاوہ، نیشنل ہائیڈروگرافک آفس (NHO) مقامی ماہی گیروں کو بحری خطرات جیسے کہ گھوسٹ فشنگ نیٹ، ماہی گیروں اور مچھلی پکڑنے کے جال کی حفاظت اور مچھلی پکڑنے کی استعداد میں اضافہ کے بارے دستیاب الیکٹرانک معلومات تک رسائی فراہم کر کے ان کی معاونت کر رہا ہے۔ پاک بحریہ ہر سال عالمی یوم ہائیڈروگرافی مناتی ہے تاکہ بحری سرگرمیوں میں ہائیڈروگرافرز کی اہمیت کو اجاگر کیا جاسکے جو ہماری قومی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ آج کے دن پاک بحریہ اپنے سمندروں میں محفوظ جہاز رانی کو یقینی بنانے اور پائیدار بحری معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔ ہائیڈروگرافی کے عالمی دن کے اس موقع پر میں تمام میری ٹائم اسٹیک ہولڈرز سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ شعور کی بیداری اور ہائیڈروگرافک سرگرمیوں کے فروغ، محفوظ نیوی گیشن، بحری تجارت اور سمندری وسائل کے استعمال سے قومی معیشت میں اپنا کردار ادا کریں

بقیہ 26

غلطی ہے۔ جس پر چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ آپ نے اپنی نوکری کرنے میں دلچسپی ہی نہیں لی۔ سابق پولیس اہلکار نے مؤقف اپنایا کہ بیوی جھگڑا کرکے چلی گئی تھی، ذہنی تناؤ کا شکار تھا۔ جس پر جسٹس عائشہ ملک نے کہا کہ گھریلو معاملات کا مطلب یہ نہیں کہ آپ نوکری نہ کریں، اتنے عرصے نوکری سے غائب رہنا درست نہیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ دوران ملازمت آپ 68 بار محکمانہ کوتاہیوں کے مرتکب ہوئے، معافی ہم نہیں دے سکتے، قانون کے مطابق فیصلہ کرنا ہے، غلطی آپ کریں تو آپ کی مدد ہم کیسے کریں۔ عدالت نے پنجاب پولیس کی سزا کے خلاف درخواست گزار کی استدعا مسترد کردی

بقیہ 27

جولائی 2022 میں عہدے سے ہٹانے کی سفارش کی تو دو اگست کو عدالت نے سفارش پر عمل درآمد روک دیا تھا۔ سابق چیئرمین نیب کو کمیشن کی چیئرمین شپ سے ہٹانے کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی سفارش قائم مقام چیف جسٹس عامر فاروق نے معطل کی تھی۔ 2011 میں اپنے قیام کے بعد سے لاپتا افراد کے تحقیقاتی کمیشن کی سربراہی جاوید اقبال کر رہے ہیں جبکہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے ان پر لگائے گئے سنگین الزامات کو دیکھتے ہوئے انہیں اس عہدے پر کام کرنے سے روک دیا تھا۔ کمیشن لاپتا افراد کا سراغ لگانے اور جبری گمشدگیوں میں ملوث پائے جانے والے افراد یا تنظیموں پر ذمہ داری کا تعین کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا تھا۔ 7 جولائی کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے طیبہ گل کی طرف سے دائر کی گئی ایک درخواست پر غور کیا تھا جس میں جاوید اقبال کے خلاف مبینہ طور پر جنسی طور پر ہراساں کرنے کے الزام میں کارروائی کا مطالبہ کیا گیا تھا، درخواست گزار نے اپنے الزام کی تصدیق کے لیے ویڈیو ثبوت کی موجودگی کا دعویٰ بھی کیا تھا۔ کمیٹی نے اپنے اجلاس میں یہ بھی مشاہدہ کیا کہ ایک ٹی وی شو میں ڈیفنس آف ہیومن رائٹس کی چیئرپرسن آمنہ مسعود جنجوعہ نے بھی جسٹس اقبال پر لاپتا افراد کی شریک حیات کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کا الزام لگایا تھا۔ کمیٹی نے مزید نوٹ کیا تھا کہ اس وقت جبری گمشدگیوں پر انکوائری کمیشن کی سربراہی کرنے والے نیب کے سابق چیئرمین پر ایک سنگین الزام لگایا گیا ہے لہٰذا انہیں ایسا عہدہ نہیں رکھنا چاہیے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے اس معاملے پر وزیراعظم آفس سے رجوع کرنے کا بھی فیصلہ کیا تھا۔

بقیہ 28

یز پولیس اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے افسران نے حصہ لیا، سرچ آپریشن میں مجموعی طور پر 209 گھروں، 20 دوکانوں اور 380 افراد کے کوائف کو چیک کیا گیا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے، امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھنے کے لیے سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

بقیہ 29

چھین کر فرار ملزمان نے لوڈر شہ زور گاڑی روات اڈے سے بوچیال مندرہ بیل لوڈ کرنے کے لیے بک کروائی بوچیال روڈ پہنچے پر ملزمان کے پہلے سے موجود دو ساتھیوں نے ملکر شہ زور لوڈر گاڑی کے ڈرائیور محمد علی کو سر پر پسٹل کے بٹ دے مارے جس سے وہ بے ہوش ہوگیا ملزمان نے محمد علی سے دس ہزار روپے نقدی، گاڑی کے سمارٹ کارڈ، موبائل فون سمیت 15" لاکھ "روپے مالیت کی شہ زور لوڈر گاڑی چھین لی اور محمد علی کو باندھ کر پھینک گئے متاثرہ ڈرائیور کے مطابق ملزمان ظاہری حلیہ سے 35/40 سال کے تھے جبکہ چاروں آپس میں "پشتو زبان" میں گفتگو کررہے تھے

بقیہ 30

کرتے ہوئے کشتی حادثہ میں ملوث انسانی سمگلر عابد حسین کو حراست میں لے لیا ملزم نے متاثرہ فیملی سے یونان بھجوانے کے لئے 35 لاکھ روپے وصول کئے تھے جبکہ ملزم عابد حسین کا حقیقی بیٹا بھی مذکورہ مقدمے میں پہلے سے گرفتار ہے ایف آئی اے پولیس نے ملزم کو گرفتار کرکے تفتیش شروع کردی ہے ایف آئی اے حکام کے مطابق ملزم کی گرفتاری یونان حکومت کی جانب سے دی گئی معلومات کے نتیجے میں عمل میں لائی گئی ہے تفتیش کی روشنی میں ملزمان سے مزید انکشافات متوقع ہیں۔

بقیہ 31

نوجوان کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے افسوسناک واقعہ کے بارے میں انسپکٹر جنرل پولیس سے رپورٹ طلب کر لی ہے اور غفلت کے ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف قانونی ومحکمانہ کارروائی کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے پتنگ بازی کے واقعات پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پابندی کے باوجود پتنگ بازی کے واقعات کا ہونا افسوسناک ہے۔

بقیہ 32

عدالت میں نہیں بھجوایا گیا۔ فوجی عدالتوں میں مقدمات کو بین الاقوامی معاہدوں کے مطابق چلایا جائے گا، فوجی عدالت میں ملزم کو فیئر ٹرائل کا حق حاصل ہوگا، فوجی عدالت میں ملزم کو مرضی کا وکیل کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ فوجی عدالتوں کے فیصلوں کے خلاف اعلیٰ عدالتوں میں اپیل کا حق ہوگا

بقیہ 33

یونان کے ساحلی علاقے میں ڈوب گئی تھی جس میں 80 کے قریب لوگوں کی اموات کی تصدیق ہوئی تھی۔ یونان کشتی حادثے کو 7 روز گزر جانے کے بعد لاپتا افراد کے زندہ بچ جانے کی امیدیں دم توڑنے لگیں۔ یونان کشتی حادثے میں ملک بھر سے اب تک 130 لاپتا افراد کی تصدیق کی جاچکی ہے، 92 متاثرہ فیملیز نے ایف آئی اے سے رابطہ کرلیا ہے۔ ایف آئی اے سے رابطہ کرنے والی فیملیز میں گوجرانوالا سے 51، گجرات سی 38 اور لاہور کی 3 متاثرہ فیملیز شامل ہیں، ایف آئی اے ذرائع کے مطابق گوجرانوالا ریجن کے لاپتہ افراد کی تعداد 111 ہوگئی ہے، گوجرانوالا ریجن کیلاپتہ افراد میں زیادہ تعداد گجرات اور گوجرانوالا کے رہائشیوں کی ہے۔ ادھر کشتی حادثے کے حوالے سے درج مقدمات کی تعداد 31 ہوگئی ہے، 23 مقدمات ایف آئی اے تھانہ گوجرانوالا اور 8 گجرات میں درج کیے گئے ہیں، پولیس نے گوجرانوالا، لاہور اور گجرات میں 24 مقدمات درج کرتے ہوئے 15 انسانی اسمگلروں کی شناخت کرلی ہے، گوجرانوالا ریجن سی 7 اور آزاد کشمیر سے 11 ملزمان گرفتار کیا جاچکا ہے۔ اطلاعات کے مطابق کشتی میں 400 سے زیادہ مسافر سوار تھے، یونان کشتی حادثے میں 150 پاکستانیوں کی گمشدگی کی تصدیق ہوئی ہے، مزید 2 مسافروں کی لاشیں ملنے کے بعد اموات کی مجموعی تعداد 80 ہوگئی ہے

بقیہ 34

یزات بھی ہمراہ لانے کی ہدایت کی گئی۔ نیب نوٹس کے مطابق شہزاد اکبر کل 11 بجکر 45 منٹ پر، بیرسٹر ضیاء الدین 10 بجے اور زلفی بخاری 9 بجکر 30 منٹ پر نیب کی کمبائین انویسٹیگیشن ٹیم کے سامنے پیش ہوں گے۔ تینوں رہنما اس وقت ملک سے باہر ہیں۔ شہزاد اکبر پہلے طلبی پر پیش تو نہ ہوئے لیکن تحریری جواب جمع کروایا تھا۔

بقیہ 35

ہور اور گجرات میں 24 مقدمات درج کرتے ہوئے 15 انسانی اسمگلروں کی شناخت کرلی ہے، گوجرانوالا ریجن سی 7 اور آزاد کشمیر سے 11 ملزمان گرفتار کیا جاچکا ہے۔ اطلاعات کے مطابق کشتی میں 400 سے زیادہ مسافر سوار تھے، یونان کشتی حادثے میں 150 پاکستانیوں کی گمشدگی کی تصدیق ہوئی ہے، مزید 2 مسافروں کی لاشیں ملنے کے بعد اموات کی مجموعی تعداد 80 ہوگئی ہے۔ وزیر برائے اوورسیز پاکستانی ساجد طوری کے مطابق یونان حادثے میں جاں بحق ہونے والے پاکستانیوں کی میتیں چارٹر فلائٹ سے پاکستان لائی جائیں گی، تدفین کا بندوبست اوورسیز کی وزارت کرے گی، جاں بحق افراد کی شناخت کے لیے ڈی این اے کا مرحلہ کئی ہفتوں پر مشتمل ہوسکتا ہے۔ حادثے میں لاپتہ افراد کے اہل خانہ بے بسی کی تصویر بنے غم سے نڈھال ہیں اور گھر لوٹنے کی آس میں اپنے پیاروں کے منتظر ہیں۔

بقیہ 36

گاڑی کو روک لی اور سمگلرز موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس نے گاڑی کی خفیہ خانوں سے 13 گن، 2 کلاشنکوف، 3 رائفل اور 14 ہزار سے زائد مختلف بور کے کارتوس برآمد کرلی۔ پولیس نے نامعلوم سمگلروں کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی ہے

بقیہ 37

کردیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ متعلقہ پولیس کی درخواست پر ایف آئی اے این سی بی انٹرپول پاکستان نے ملزم کی گرفتاری کے لئے ریڈ نوٹس جاری کیا، جس کے نتیجے میں گرفتاری عمل میں لائے جانے کے بعد ایف آئی اے امیگریشن نے ملزم کو سرگودھا پولیس کے حوالے کر دیا۔ ادھر وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے ملزمان کا بیرون ملک فرار روکنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کی مدد لینے کا فیصلہ کیا ہے، اس مقصد کے لئے کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر مطلوب افراد کی نشاندہی اور سراغ لگانے کے لیے فیشل ٹیکنالوجی استعمال کی جائے گی، جدید آلات کے ذریعے چہرے کی ساخت اور نقوش سے کسی بھی ملزم کو شناخت کرکے اس کا بیرون ملک فرار روکا جائے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ ایسے ملزمان جن کا نام ای سی ایل اور اسٹاپ لسٹ میں نہیں ہے انہیں بھی فیشل ٹیکنالوجی کی مدد سے ایئرپورٹ پر گرفتار کیا جائے گا، فیشل ٹیکنالوجی کو ایئرپورٹ پر لگے ہوئے کیمروں کے ساتھ منسلک کیا جائے گا، جس کے بعد کسی بھی کیس میں کوئی مطلوب ملزم جیسے ہی ان کیمروں کے سامنے سے گزرے گا تو فوری الارم بج اٹھے گا، فیشل ٹیکنالوجی کے استعمال کے لئے ایف آئی اے کی خصوصی ٹیم تشکیل دی جائے گی

بقیہ 38

کرنے والے سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے متوجہ ہوں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اس مثبت اور درست سمت قدم پر ہم وزیراعظم میاں شہباز شریف اور چیف آف دی آرمی اسٹاف جنرل حافظ سید عاصم منیر کا شکریہ بھی ادا کرتے ہیں اور اپنے بکمل تعاون کا یقین دلاتے ہیں

بقیہ 39

ہوگی، جس میں ڈاکٹر فرخ کمال، ڈاکٹر فہیم طاہر، ڈاکٹر سدرہ ولی اور عمر ڈار شامل ہیں۔ قبل ازیں، ایف آئی اے حکام نے کہا تھا کہ پنجاب فرانزک لیب کی ٹیم نے ایف آئی اے آفس میں ڈیسک قائم کر دیا ہے، جہاں گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ، وزیرآباد اور کامونکی کے لاپتہ افراد کے اہل خانہ کے ڈی این اے کیے جارہے ہیں

بقیہ 40

جانے والی تیز رفتار مسافر بس خوفناک حادثے کا شکار ہوئی۔ بس حادثے میں 10 افراد جاں بحق ہوئے تھے جب کہ 13 افراد شدید زخمی بھی ہوئے جنہیں ہسپتال منتقل کیا گیا۔ موٹروے پولیس حکام نے کہا تھا کہ حادثہ بریک فیل ہونے کی وجہ سے پیش آیا، حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کو قریبی اسپتال منتقل کیا گیا۔ موٹروے پولیس کی اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچیں اور امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا۔ حادثے کے نتیجے میں جاں بحق افراد کی تعداد زیادہ ہونے کا خدشہ ظاہر کیا گیا تھا۔ بس مسافروں سے بھری ہوئی تھی جن میں بچے اور خواتین بھی شامل تھیں، حادثے کے باعث موٹروے کی دو لین بند کر دی گئی تھی، جب کہ تیسری لین سے ٹریک رواں دواں رہی

بقیہ 41

انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں زیر علاج تھے۔ جسٹس (ر) قاضی محمد امین احمد 26 مارچ 1957 کو چکوال میں پیدا ہوئے تھے، قاضی محمد امین کی اپریل 2019 میں بطور جج سپریم کورٹ تعیناتی ہوئی تھی۔ قاضی محمد امین مارچ 2022 کو بطور سپریم کورٹ جج ریٹائر ہوئے تھے۔

بقیہ 42

1122 کی ٹیم کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور ریسکیو 1122 ایبٹ آباد کی کارگردگی کو بھی سراہا

بقیہ 43

تمام سیاسی سٹیک ہولڈرز میں مذاکرات ہونے چاہئیں۔ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کا کیک کاٹنے کی تقریب منعقد ہوئی، سابق وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے شہید محترمہ کی سالگرہ کا کیک کاٹا، اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ کارکنان محترمہ شہید کی سالگرہ منا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بے نظیر بھٹو صاحبہ عظیم شخصیت اور مسلم ممالک کی پہلی خاتون وزیراعظم تھیں، بھٹو صاحب کی شہادت کے بعد بے نظیر بھٹو صاحبہ نے سیاست کا علم بلند کیا۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ محترمہ بے نظیر بھٹو اور میاں نواز شریف نے چارٹر آف ڈیموکریسی پر دستخط کئے، جنرل مشرف کو مجبور کیا کہ وہ پارٹی کی بنیاد پر الیکشن کرائیں، محترمہ کی شہادت کے بعد پارٹی برسراقتدار آئی، میاں نواز شریف گڑھی خدا بخش آئے تو زرداری صاحب نے انہیں الیکشن کا بائیکاٹ نہ کرنے پر قائل کیا۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ سیاست میں اختلاف رائے جمہوریت ہے، ہماری مخلوط حکومت ہے، مختلف آراء ہیں، تمام سیاسی سٹیک ہولڈرز میں مذاکرات ہونے چاہئیں، پیپلز پارٹی ایوب خان کے دور سے جدوجہد میں ہے، آج کے حالات کا مقابلہ پیپلز پارٹی کے ساتھ نہیں کیا جا سکتا۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ہم نے پارٹی کے لئے قربانیاں دی ہیں، شہداء کی یادگاروں پر حملہ ہوگا تو یہ ملک پر حملہ ہوگا

بقیہ 44

برقرار رہیں گی، ٹرائل کورٹ نے مقدمہ کے پانچ مجرموں کو عمر قید کی سزا سنائی تھی۔ 28 ستمبر 2021 کو اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے جوڑے، کو ہراساں کرنے کے کیس میں مرکزی ملزم عثمان مرزا سمیت 7 ملزمان پر فرد جرم عائد کی تھی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد کے ایڈیشنل سیشن جج عطا ربانی نے ملزمان پر فرد جرم عائد کی۔ یادرہے کہ مذکورہ کیس سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو پر دائر کیا گیا تھا جس میں 5 سے 6 افراد سیکٹر ای-11/2 کے ایک فلیٹ میں ایک 27 سالہ لڑکے اور 28 سالہ لڑکی کو قید کرکے ان کے ساتھ غیر اخلاقی حرکتیں کر رہے تھے اور انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہے تھے۔ عدالت نے ملزم عثمان مرزا، شریک ملزمان حافظ عطاالرحمٰن، ادریس قیوم بٹ، ریحان، عمر بلال مروت، محب بنگش، فرحان شاہین پر فرد جرم عائد کی۔ فرد جرم عائد ہونے کے بعد ملزمان کے خلاف باقاعدہ ٹرائل آغاز کر دیا گیا ہے، عدالت میں تمام ملزمان کو چارج شیٹ پیش کی گئی اور ساتھ ہی پڑھ کر بھی سنائی گئی تاہم ملزمان نے صحت جرم سے انکار کیا

بقیہ 45

کے تمام پارکس کی تزئین وآرائش کا کام جاری ہے۔ ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے راولپنڈی احمد حسن رانجھا کی جانب سے ہدایات جاری کر دی گئی جس کے مطابق پارکس کی لائٹس، جھولے اور واکنگ ٹریکس کی مرمت کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے گا اور پارکس کی سکیورٹی کو بھی مزید بہتر بنایا جائے گا۔ عیدالضحیٰ کے موقع پر راولپنڈی اور مری شہر کے تمام پارکوں میں عوام کو بہترین تفریحی اور سیاحتی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ہدایات متعلقہ افسران کو جاری کر دی گئی ہیں

بقیہ 46

مطابق سٹی پولیس نے ملزم اللہ رکھا سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، بنی پولیس نے ملزم وسیم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم عقیل سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، مندرہ پولیس نے ملزم شعیب سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 47

میں ڈالر کی قیمت میں 5 روپے کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ دوسری جانب انٹربینک میں ڈالر کی قیمت میں 22 پیسے کی کمی ہوئی ہے، انٹربینک میں ڈالر 287 روپے پر ٹریڈ کررہا ہے

بقیہ 48

چیکنگ میٹیریل ضبط کرلیا گیا اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی کی گئی۔ اس کے علاوہ پاکٹ گائیڈز بیچنے والی مختلف دکانیں بھی سیل کردی گئیں

بقیہ 49

نے بتایا کہ پنجاب پولیس وہاڑی کی ٹیم نے 24 گھنٹے کی ان تھک محنت سے ملزم کو گرفتار کیا، ملزم ممتاز ارائیں سے واقعہ کے دوسرے مرکزی ملزم اسلم کا موبائل بھی برآمد کر لیا گیا ہے، موبائل ڈیٹا، اہم شواہد اور دیگر اہم دستاویزات ملزم کے قبضے سے برآمد ہوئی ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے کہا کہ ملزم کو مزید تفتیش کیلئے ایف آئی اے کے حوالے کیا جا رہا ہے، جبکہ انسانی اسمگلنگ کے مکروہ دھندے میں ملوث ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ یونان کشتی واقعہ میں ملوث تمام ملزمان کو جلد گرفتار کرلیا جائے گا، پنجاب پولیس ایف آئی اے اور دیگر اداروں کو ملزمان کی گرفتاری و تفتیش میں بھرپور تعاون فراہم کر رہی ہے۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ اندوہناک سانحہ میں ملوث سفاک ملزمان کو گرفتار کرکے سخت سے سخت سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 50

احمد، چوہدری اویس، جناب افضل، عنصر علی، محمد عمر، جناب شعیب اور حافظ طاہر شامل ہیں جنہوں نے منظور شدہ منصوبوں اور نقشوں کی خلاف ورزی کی ہے اور پنجاب ڈویلپمنٹ آف سٹیز ایکٹ 1976 اور آر ڈی اے بلڈنگ اینڈ زوننگ ریگولیشنز 2020 کی خلاف ورزی کی ہے اور بغیر منظوری اور این او سی کے غیر قانونی کمرشل عمارتیں تعمیر کی تھیں۔ اس ضمن میں ڈی جی آر ڈی اے سیف انور جپہ نے ایل وائے اینڈ بی سی ونگ کو ہدایت کی ہے کہ وہ تجاوزات، غیر قانونی اور غیر مجاز تعمیرات اور کمرشل سرگرمیوں کے خلاف بلاخوف وخطر سخت کارروائی کریں۔

بقیہ 51

پولیس نے ملزم سرفراز سے 10 لیٹر شراب، آراے بازار پولیس نے ملزم امیر سے 05 لیٹر شراب، ریس کورس پولیس نے ملزم محمد علی سے 10 لیٹر شراب، ملزم اسد سے 10 لیٹر شراب، جاتلی پولیس نے ملزم احسن ندیم سے 10 لیٹر شراب برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 52

فاطمہ ہسپتال بھجایا گیا جہاں پر وہ دو تین دن تک زندگی وموت کی کشمکش میں رہنے کے بعد 19 جون کی شام اپنے خالق حقیقی سے جاملا۔ واضح رہے کہ 9 اور 10 مئی کے روز پرتشدد واقعات کے دوران سٹیٹ بنک کے باہر مذکورہ اے ایس آئی محمد اکرم زخمی ہوا تھا جو سول ہسپتال میں زیر علاج رہنے کے بعد ڈیوٹی پر واپس چلا گیا تھا۔ جہاں پر یہ امر بھی قابل ذکر ہے۔

بقیہ 53

تفصیلات کے مطابق انسداد دہشت گردی کی عدالت کے خصوصی جج محمد حسین کی عدالت میں گذشتہ روز پولیس نے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کے گھر پر حملہ کرنے کے الزام میں گرفتار 24 ملزمان کو پیش کرتے ہوئے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی سماعت کے بعد انسداد دہشت گردی عدالت کے خصوصی جج محمد حسین نے ملزمان کو 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کردیا، علاوہ ازیں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راجہ شاہد ضمیر کی عدالت نے گذشتہ روز 9 مئی کے احتجاج اور جلاؤ گھیراؤ کیس کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی درخواست ضمانت سیکرٹری بار رانا ایم اے بابر خان، سابق سیکرٹری خرم اعجاز کاہلوں اور سابق صدر شہزاد بشیر چیمہ کیجانب سے درخواست ضمانت دائر کی گئی تھیں سماعت کے بعد عدالت نے فیصلہ محفوظ کرلیا تھا آج عدالت نے فیصلہ جاری کرتے ہوئے سیکرٹری بار رانا ایم اے بابر خان، سابق سیکرٹری خرم اعجاز کاہلوں اور سابق صدر شہزاد بشیر چیمہ کی ضمانت منظور کرلی ہیں یادرہے نو مئی کو سیکرٹری بار رانا ایم اے بابر خان، سابق سیکرٹری خرم اعجاز کاہلوں اور سابق صدر شہزاد بشیر چیمہ، میاں طیب ایڈووکیٹ، بلال اشرف بسراء سمیت متعلقہ وکلاء کیخلاف مختلف تھانوں میں مقدمات درج کیے گئے تھے۔

بقیہ 54

جاری ہے، خیبر پختونخوا میں نوجوانوں نے گھیراؤ جلاؤ، پٹرول بم بنانے کی سیاست سے لاتعلقی کا اظہار کردیا ہے، وہ پارلیمنٹ ہاؤس میں ایم ایس ایف خیبر پختونخوا کے وفد سے خطاب کررہے تھے۔ وفاقی وزیر مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا کہ ایم ایس ایف، ن لیگ کا ہر اول دستہ ہے، ایم ایس ایف، خیبر پختونخوا کی تشکیل نو اور متحرک بنانا اولین ترجیح ہے۔ انہوں نےکہا کہ نوجوان ہمارا اثاثہ ہیں، ان کے مستقبل کو روشن بنانے کے لئے ٹیلنٹ ہنٹ، لیپ ٹاپ سمیت دیگر نوجوان دوست سکیمیں کامیابی سے جاری ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ خیبر پختونخوا میں طلبا کو ایم ایس ایف میں شامل کرنے کے لئے رکنیت سازی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھر کے نوجوان قائد محمد نواز شریف کے وژن اور خدمت کے ایجنڈے کو سلام پیش کرتے ہیں، آئندہ عام انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ ن خیبر پختونخوا سے بھی کلین سویپ کرے گی۔

بقیہ 55

میں 30 روپے کلو اضافہ کردیا گیا، فلور ملز مالکان اور منافع خور مافیا ایک مرتبہ آٹے کا بحران پیدا کرنے کیلئے پھر سرگرم، فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں 3900 روپے والی گندم اوپن مارکیٹ میں 4700 روپے من ہوگی، ضلعی انتظامیہ منافع خوروں، ذخیرہ اندوزوں اور فلور ملز مافیا کے سامنے بےبس، تفصیلات کے مطابق فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں فلور ملز مالکان اور منافع خور مافیا ایک مرتبہ آٹے کا بحران پیدا کرنے کیلئے پھر سرگرم ہو چکے ہیں ایک ہفتہ قبل 105 روپے کلو عام فروخت ہورہا تھا جو کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ خوراک کی نااہلی کیوجہ سے 30 فی کلو اضافے کے ساتھ 135 روپے فی کلو ہو گیا

بقیہ 56

ادریس اور دیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مہر شاہد زمان لک نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز سرکاری واجبات کیلئے قانونگوئی کا خود وزٹ کریں اور ناقص کارکردگی والوں کیخلاف سخت کارروائی کریں۔ انہوں نےکہا کہ بلدیہ کے ملازمین کی بائیو میٹرک حاضری کو پراپر چیک کیا جائے اور شہروں کے واٹر فلٹریشن پلانٹس کی خصوصی صفائی پر توجہ دی جائے اور اس کے ساتھ ہی ریونیو کورٹ کیسز کی ترجیحی بنیادوں پر پیروی کی جائے، مہر شاہد زمان لک نے کہا کہ عید الاضحی سے قبل محکموں کے پلان کا آن سپاٹ جائزہ لیا جائے اور فلڈ کیلئے فیلڈ ورک کی رکاوٹوں کو دور کیا جائے۔ا

بقیہ 57

ہوئے کہا، کہ اس وقت عمران نیازی کے ملک وقوم کے خلاف پھیلائے گئے مذموم عزائم اور سازشوں کو ناکام بنا دیا ہے، قوم بیدار ہوچکی ہے، خیبر سے کراچی تک پی ٹی آئی کے ارکان خود عمران نیازی اور اس کی پالیسیوں، اداروں کیخلاف ہرزہ سرائی پر سخت احتجاج نوٹ کرا کے علیحدگی اختیار کررہے ہیں۔

بقیہ 58

وزیراعلیٰ پنجاب کو منی لانڈرنگ مقدمے میں گرفتار کر لیا، ایف آئی اے نے کیمپ جیل سے پرویز الٰہی کو گرفتار کیا۔ قبل ازیں ایف آئی اے نے صدر پی ٹی آئی چوہدری پرویز الٰہی، مونس الٰہی اور دیگر کیخلاف مقدمہ درج کر رکھا ہے، پرویز الٰہی اور مونس الٰہی کیخلاف فراڈ، منی لانڈرنگ اور کرپشن کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ مقدمے میں کہا گیا کہ مونس الٰہی نے 2004 سے 2023 تک فرنٹ مین جبران خان کے ذریعے کرپشن کی، مونس الٰہی نے اپنے والد پرویز الٰہی کی معاونت سے کرپشن کی۔

بقیہ 59

لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 11 قمار بازوں کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں خالد، زرمحمد، محسن، عبدالجبار، اکبر، تاج محمد، نیک عمل، زری جان، نعمان، ماجد اور دلاور شامل ہیں، ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 01 لاکھ 12 ہزار 300 روپے، 12 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد ہوئے، موقعہ سے 02 موٹر سائیکل اور کار بھی قبضہ پولیس لی گئی، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ قمار بازی دیگر معاشرتی برائیوں کی جڑ ہے ایسے جرائم میں ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، قمار بازوں کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 60

ویٹنگ سٹینڈز کی کوئی مرمت کی جائے یا مسافروں کے لیے چھاؤں کا بندوبست کیا جائے مگر انتظامیہ کے سر پر بھی کوئی جوں تک نہیں رینگتی انتظامیہ کو صرف اڈوں کی بولی لگانے اور پیسے کمانے کا طریقہ آتا ہے باقی مرمت جائے بھاڑ میں بلدیہ گوجرخان جنرل بس سٹینڈ میں دولتالہ، پیر پھلاہی، جنڈ نجار، بیول، جبر، کونتریلہ ڈھوک امب روٹس پر چلنے والی گاڑیوں کے اڈوں سے صرف پیسہ کمانے میں مصروف کروڑوں روپے اڈا پارکنگ فیس کی مد میں وصولی کرنے کے باوجود بلدیہ گوجرخان ٹرانسپورٹرز اور مسافروں کو اس شدید گرمی کے موسم میں نہ تو سایہ فراہم کر سکی اور نہ ہی انتظار گاہیں تعمیر کرسکی

بقیہ 61

دسڑکوں کا جال بچھایا اور پاکستان میں سی پیک کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ موٹرویز، جدید بس سروس، پانی اور پاور پلانٹس کی سہولیات مسلم لیگ (ن) کی حکومتوں نے فراہم کیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں معاشی سرگرمیوں کی سست رفتار پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے آخری دور حکومت نے چار سال کے عرصے میں معیشت کو تباہ کردیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی رہنماؤں نے کارکنوں کو قومی اداروں کے خلاف اکسایا، تحریک انصاف کے سربراہ نے توہین آمیز زبان کے کلچر کو فروغ دیا۔ میاں جاوید لطیف نے کہا کہ اتحادی حکومت ہر شعبے میں بہتری لانے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن اگلے انتخابات میں جیت کر حکومت بنائے گی۔

بقیہ 62

سے زیادتی کرنے والے درندہ صفت ملزم عابد حسین کو گرفتار کرلیا، ملزم نے 14 سالہ عادل اور 15 سالہ اسماعیل کو زیادتی کا نشانہ بنایا، ملزم عابد کے خلاف متاثرہ بچوں کے والد اور ماموں کی مدعیت میں مقدمات درج کیے گئے تھے، ایس ایچ او نے بتایا کہ متاثرہ بچوں کا میڈیکل پراسیس کروایا گیا ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، بچوں سے زیادتی اور ان کا استحصال ناقابل برداشت ہے۔

بقیہ 63

عابد کی دکان سے چار لاکھ، کاہنہ میں چور اظہر مصطفیٰ کے گھر تالے توڑ کر 16 لاکھ کے زیورات لے گئے فیکٹری ایریا میں احسن، غازی آباد میں ابرار شریف اور نشتر کالونی میں منظور احمد سے ڈاکوؤں نے نقدی اور موٹر سائیکلیں چھین لیں جبکہ اسلام پورہ، لوئر مال، شفیق آباد، مصری شاہ، باغبانپورہ، برکی سے کاریں اور ٹن روڈ، شیرا کوٹ، نولکھا، مصطفیٰ آباد، راوی روڈ سے موٹر سائیکلیں چوری ہوگئے

بقیہ 64

ین دن اور رات طویل ترین ہوتی ہے

بقیہ 65

جب آئے گا تو استحکام پاکستان پارٹی کو بھی دیکھ لیں گے، جو خود ٹیڑھے ہیں وہ ملک کا فریم کیسے سیدھا کریں گے؟ ایک سابق وزیراعظم ریس میں بہت پیچھے ہو گئے ہیں، کوئی شکاری، کوئی بیوپاری نعرے لگتے ہیں وہ آئی فون کو نہیں کھول سکتے تو ملک کی قسمت کیسے کھولیں گے؟ الیکشن میں 45 آزاد چہرے کامیاب ہوتے نظر آرہے ہیں،

یونان کشتی حادثے کو 7 روز مکمل، لاپتہ افراد کے زندہ بچ جانے کی امیدیں دم توڑنے لگیں

یونان کشتی حادثے میں ملک بھر سے اب تک 130 لاپتا افراد کی تصدیق کی جا چکی ہے، ذرائع

ملک بھر سے اب تک 130 لاپتا افراد کی تصدیق کی جا چکی ہے، 92 متاثرہ فیملیز نے ایف آئی اے سے رابطہ کر لیا

اسلام آباد (نامہ نگار) یونان کشتی حادثے کو 7 روز گزر جانے کے بعد لاپتا افراد کے زندہ بچ جانے کی امیدیں دم توڑنے لگیں۔ یونان کشتی حادثے میں ملک بھر سے اب تک 130 لاپتا افراد کی تصدیق کی جاچکی ہے، 92 متاثرہ فیملیز نے ایف آئی اے سے رابطہ کر لیا ہے۔ ایف آئی اے سے رابطہ کرنے والی فیملیز میں گوجرانوالا سے 51، گجرات سے 38 اور لاہور کی 3 متاثرہ فیملیز شامل ہیں، ایف آئی اے ذرائع کے مطابق گوجرانوالا ریجن کے لاپتہ افراد کی تعداد 111 ہوگئی ہے، گوجرانوالا ریجن کیلا پتہ افراد میں زیادہ تعداد گجرات اور گوجرانوالا کے رہائشیوں کی ہے۔ ادھر کشتی حادثے کے حوالے سے درج مقدمات کی تعداد 31 ہوگئی ہے، 23 مقدمات ایف آئی اے تھانہ گوجرانوالا اور 8 گجرات میں درج کیے گئے ہیں، پولیس نے گوجرانوالا، لا (بقیہ نمبر 35)

عمران خان پر فوجی عدالت میں مقدمہ چلانے کا فیصلہ قانون کے مطابق ہی کیا جائے گا

مشترکہ تحقیقاتی ٹیم شواہد اکٹھے کر لئے پھر اس کی سفارشات پر عملدرآمد کریں گے، وفاقی وزیر قانون

وزیر قانون نے کہا کہ تاحیات نااہلی والا بل اٹھارویں ترمیم کے ساتھ منسلک ہے، اس کا اطلاق اسی دن سے ہوگا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے عمران خان پر فوجی عدالت میں مقدمہ چلانے کا فیصلہ قانون کے مطابق ہی کیا جائے گا۔ انہوں نے لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مشترکہ تحقیقاتی ٹیم شواہد اکٹھے کر لئے پھر اس کی سفارشات پر عملدرآمد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے قائد و سابق وزیراعظم محمد نواز شریف الیکشن سے پہلے پاکستان میں ہوں گے۔ نواز شریف پاکستان واپس آکر انتخابی مہم کی قیادت کریں گے۔ وزیر قانون نے کہا کہ تاحیات نااہلی والا بل اٹھارویں ترمیم کے ساتھ منسلک ہے، اس کا اطلاق اسی دن سے ہوگا جس دن سے اٹھارویں ترمیم کا ہوتا ہے۔ قبل ازیں وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے امریکی وزیر خارجہ کے بیان کے ردعمل میں کہنا ہے کہ ابھی تک کسی خاتون کا مقدمہ فوجی (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کراچی: نادرا مراکز روزانہ کی وصول درخواستوں کی تعداد ساڑھے 12 ہزار سے 20 ہزار کریں، چیئرمین نادرا

نیب نے شہزاد اکبر، زلفی بخاری اور بیرسٹر ضیاء الدین کو پھر طلب کر لیا

شہزاد اکبر پہلے طلبی پر پیش تو نہ ہوئے لیکن تحریری جواب جمع کروایا تھا

نیب نے تینوں رہنماؤں کو 23 جون کو پیش ہونے کے لیے طلبی نوٹس بھیج دیئے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) برطانیہ کی نیشنل کرائم ایجنسی کے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں نیب نے تحقیقات کو مزید بڑھاتے ہوئے شہزاد اکبر، زلفی بخاری اور بیرسٹر ضیاء الدین ایک بار پھر طلب کر لیا۔ نیب نے تینوں رہنماؤں کو 23 جون کو پیش ہونے کے لیے طلبی نوٹس بھیج دیئے۔ نیب راولپنڈی نے سابق کابینہ ممبران شہزاد اکبر، زلفی بخاری اور بیرسٹر ضیاء الدین کو کمبائن انویسٹیگیشن ٹیم کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت کی ہے۔ تینوں رہنماؤں کو بطور ملزم پیش ہونے کی ہدایت کے ساتھ کیس سے متعلق دستاو (بقیہ نمبر 34)

یورپ جانے والے 52 پاکستانی ایران میں گرفتار کر لئے گئے

ایرانی فورسز نے مختلف شہروں سے گرفتار پاکستانیوں کو لیویز کے حوالے کر دیا

ڈی پورٹ ہونے والے نوجوان بہتر روزگار کی تلاش میں یونان اور یورپ جانا چاہتے تھے

لاہور (خبرنگار) یورپ جانے والے 52 پاکستانی ایران میں گرفتار کر لئے گئے۔ رپورٹ کے مطابق ایرانی فورسز نے مختلف شہروں سے گرفتار پاکستانیوں کو لیویز کے حوالے کر دیا۔ ڈی پورٹ ہونے والے نوجوان بہتر روزگار کی تلاش میں یونان اور یورپ جانا چاہتے تھے۔ بتایا گیا ہے کہ ایران میں گرفتار کئے گئے پاکستانیوں میں 43 کا تعلق پنجاب سے ہے جبکہ 8 کا خیبر پختونخوا اور 1، 1 کا تعلق سندھ، بلوچستان اور کشمیر سے ہے۔ یاد رہے کہ یورپ جانے کے خواہش مندوں کی کشتی 14 جون کو (بقیہ نمبر 33)

LAUNCH OF FIRST EVER
SUMMER INTERNSHIP
PROGRAM
YOUNG CITIZENS
21st JUNE, 2023

اسلام آباد: سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف خطاب کر رہے ہیں

پشاور، اسلحہ سمگلروں کی پولیس پر فائرنگ، اسلحہ کی بھاری کھیپ برآمد

13 گن، 2 کلاشنکوف، 3 رائفل اور 14 ہزار سے زائد مختلف بور کے کارتوس برآمد کر لی

پشاور (کرائم رپورٹر) پشاور کے علاقے چمکنی میں نامعلوم اسلحہ سمگلروں نے گاڑی کو روکنے کے اشارے پر پولیس پر فائرنگ شروع کر دی۔ تھانہ چمکنی پولیس ترجمان کے مطابق پولیس کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ کسی بھی وقت نامعلوم اسلحہ سمگلرز سمگلنگ کرنے کی کوشش کریں گے۔ پولیس نے موٹروے پر ناکہ بندی کر کے چیکنگ شروع کر دی، چیکنگ کے دوران ایک مشکوک گاڑی نظر آئی جسے روکنے کا اشارہ کیا جس پر سمگلروں نے پولیس پر فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس نے گاڑی کا تعاقب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر36)

پاکستان علماء کونسل کا اسپیشل انویسٹمنٹ فسیلی ٹیشن کونسل کے قیام کا خیر مقدم

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے پاکستان علماء کونسل اسپیشل انویسٹمنٹ فسیلی ٹیشن کونسل کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم امید کرتے ہیں کہ ان شاء اللہ کونسل کے قیام کے بعد پاکستان میں معاشی اور اقتصادی صورتحال میں بہتری آئے گی اور دوست ممالک اور دنیا بھر سے سرمایہ کاری (بقیہ نمبر38)

کلر کہار بس حادثے سے متعلق اہم انکشافات

محکمہ ٹرانسپورٹ نے رپورٹ چیف سیکرٹری پنجاب کو بھجوا دی

بس کی نمبر پلیٹ جعلی نکلی، بس کی فٹنس یکم جون 2023 کو ختم ہو چکی تھی

لاہور (خبرنگار) کلر کہار میں حادثے کا شکار ہونے والی بس کی نمبر پلیٹ جعلی نکلی۔ تفصیلات کے مطابق کلر کہار بس حادثے سے متعلق اہم انکشافات سامنے آئے ہیں، بس کی نمبر پلیٹ ہی جعلی تھی۔ محکمہ ٹرانسپورٹ نے حقائق حاصل کر کے رپورٹ چیف سیکرٹری پنجاب کو بھجوا دی، گاڑی کا اصل نمبر، فٹنس سرٹیفکیٹ، روٹ پرمٹ اور مالک کے کوائف دے دیئے گئے۔ رپورٹ کے مطابق بس کا اصل نمبر ایس جی ایس 6969 نکلا، بس کی شناخت اس کے چیسز نمبر سے کی گئی۔ گاڑی کی اصل فٹنس رپورٹ بھی منظر عام پر آ گئی۔ بس کی فٹنس یکم جون 2023 کو ختم ہو چکی تھی، جبکہ بس کا روٹ پرمٹ راولپنڈی سے ملتان تھا۔ موٹروے پولیس نے بغیر تصدیق موٹر وہیکل ایگزامینر کیخلاف بھی مقدمہ درج کرایا، فٹنس سرٹیفکیٹ کا اختیار غیر ملکی کمپنی اوپس کے پاس تھا۔ یاد رہے کہ 17 جون کو اسلام آباد سے لاہور جانے والی بس کلر کہار کے قریب حادثے کا شکار ہوگئی تھی، واقعہ کلر کہار کے قریب موٹروے پر پیش آیا جہاں لاہور (بقیہ نمبر 40)

سپریم کورٹ کے سابق جج قاضی محمد امین دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپریم کورٹ آف پاکستان کے سابق جج قاضی محمد امین دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ چکوال سے تعلق رکھنے والے قاضی محمد امین کی عمر 66 برس تھی، جسٹس (ر) قاضی محمد امین کے انتقال کی تصدیق اہل خانہ کی جانب سے کر دی گئی ہے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق جسٹس (ر) قاضی امین گزشتہ کئی دنوں سے راولپنڈی (بقیہ نمبر 41)

ایبٹ آباد، ایف ڈبلیو او کے سٹاف کیلئے تین روزہ تربیتی سیشن کا آغاز

ایف ڈبلیو او انچارج ایبٹ آباد نے ریسکیو 1122 کی ٹیم کا خصوصی شکریہ ادا کیا

ایبٹ آباد (نیوز رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ایبٹ آباد عارف خٹک کی ہدایت پر ایف ڈبلیو او کے سٹاف کیلئے تین روزہ تربیتی سیشن کا آغاز کر دیا گیا۔ ٹریننگ ونگ انچارج ملک کامران کی زیر نگرانی ایف ڈبلیو او کے سٹاف کیلئے تین دن کے ٹریننگ سیشن کے روز میڈیکل فرسٹ ایڈ کے حوالہ سے تربیت فراہم کی گئی۔ ٹریننگ ونگ ٹیم نے میڈیکل اور فرسٹ ایڈ کے حوالہ سے تربیت فراہم کی، ٹریننگ کا مقصد ایف ڈبلیو او کے سٹاف کو تربیت یافتہ بنانا تھا۔ ایف ڈبلیو او انچارج ایبٹ آباد نے ریسکیو (بقیہ نمبر 42)

یونان حادثہ: لاپتا 98 نوجوانوں کے خاندانوں سے ڈی این اے سیمپلز لے لیے گئے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ایف آئی اے نے یونان کشتی حادثہ میں لاپتا 98 نوجوانوں کے خاندانوں کے ڈی این اے سیمپلز شناخت کے لئے حاصل کر لئے ہیں۔ ایف آئی اے گجرات سرکل میں 52 متاثرین کے لواحقین کی جانب سے سیمپل جمع کروائے گئے، جبکہ گوجرانوالہ سرکل میں 46 متاثرہ خاندانوں کی جانب سے ڈی این اے سیمپلز دیئے گئے۔ وزارت صحت نے متاثرہ خاندانوں کے ڈی این اے سیمپلز کیلئے کمیٹی بنادی جو جاں بحق افراد کی شناخت کے لئے سیمپلز لے گی۔ کمیٹی چار رکنی ڈاکٹرز پر مشتمل (بقیہ نمبر39)

پاکستان کو قتل کی واردات میں مطلوب ملزم کویت سے گرفتار

ملزم کی گرفتاری یف آئی اے اور انٹرپول کے تعاون سے عمل میں لائی گئی

فیشل ٹیکنالوجی کے استعمال کے لئے ایف آئی اے کی خصوصی ٹیم تشکیل دی جائے گی

کویت سٹی/گجرات (نیوز رپورٹر) پاکستان کو قتل کی واردات میں مطلوب ملزم کو خلیجی ملک کویت سے گرفتار کر لیا گیا، ملزم عمران کے خلاف قتل و اقدام قتل کے تحت مقدمہ درج تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان کے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے انٹرپول کی مدد سے قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم کو کویت سے گرفتار کر کے گجرات پولیس کے حوالے کر دیا، اس سلسلے میں ایف آئی اے انٹرپول پاکستان نے قتل کے الزام میں مطلوب ملزم کے ریڈ نوٹس جاری کیے، جس پر نیشنل سینٹرل بیورو انٹرپول نے کارروائی کرتے ہوئے کویت سے ملزم کو گرفتار کر لیا، ایف آئی اے امیگریشن حکام نے ملزم کو گجرات پولیس کے حوالے کر دیا۔ ایسی ہی ایک اور کارروائی میں ایف ائی اے این سی بی انٹرپول پاکستان نے کارروائی کرتے ہوئے سرگودھا پولیس کو مطلوب ملزم کو سعودی عرب سے گرفتار کیا، ملزم امجد علی کے خلاف قتل اور اقدام قتل کے تحت مقدمہ درج ہے، جس کو سعودی عرب سے گرفتار کر کے اسلام آباد ایئرپورٹ منتقل (بقیہ نمبر 37)

پی پی پی کی سانحہ 9 مئی میں ملوث افراد کے مقدمے فوجی عدالتوں میں چلانے کی حمایت

جناح ہاؤس یا شہداء کی یادگاروں پر حملے کو ملک پر حملہ تصور کریں گے، باقی معاملہ سول کورٹ میں چلنا چاہیے

ہم نے پارٹی کے لئے قربانیاں دی ہیں، شہداء کی یادگاروں پر حملہ ہوگا تو یہ ملک پر حملہ ہوگا، سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی

لاہور (خبرنگار) پاکستان پیپلز پارٹی نے سانحہ 9 مئی میں ملوث افراد کے مقدمے فوجی عدالتوں میں چلانے کی حمایت کر دی۔ سابق وزیراعظم اور پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما یوسف رضا گیلانی کا کہنا ہے جی ایچ کیو اور فوجی تنصیبات پر حملہ ریاست پر حملہ ہے۔ جناح ہاؤس یا شہداء کی یادگاروں پر حملے کو ملک پر حملہ تصور کریں گے۔ باقی معاملہ سول کورٹ میں چلنا چاہیے۔ مزید کہا کہ عدلیہ نے نواز شریف کی حکومت کو ختم کیا اور مجھے برطرف کیا۔ ہمیں لگتا ہے ایسے مبہم اختیارات میں قانون سازی ہونی چاہیے۔ قبل ازیں یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ چارٹر آف ڈیموکریسی پر مکمل طور پر عملدرآمد کرنا ہوگا، (بقیہ نمبر 43)

وزیرآباد: یونان کشتی حادثے میں وزیرآباد کے لاپتہ افراد کی تعداد 12 ہوگئی

لڑکا لڑکی جنسی تشدد کیس، عثمان مرزا سمیت پانچ مجرموں کی سزاؤں کے خلاف اپیلیں خارج

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) لڑکا لڑکی جنسی تشدد کیس میں مرکزی مجرم عثمان مرزا سمیت 5 مجرموں کی عمر قید کی سزائیں برقرار رکھی گئی ہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ نے عثمان مرزا سمیت پانچ مجرموں کی سزاؤں کے خلاف اپیلیں خارج کر دیں۔ جسٹس محسن اختر کیانی اور جسٹس ارباب محمد طاہر نے محفوظ فیصلہ سنا دیا اسلام آباد ہائیکورٹ نے فیصلے میں کہا کہ تمام مجرموں کی عمر قید کی سزائیں (بقیہ نمبر 44)

آمدن سے زائد اثاثہ جات، کرپٹ پریکٹسز، سابق وزیراعلیٰ عثمان بزدار (آج) نیب طلب

لاہور (نیوز رپورٹر) قومی احتساب بیورو (نیب) لاہور نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کو آج (جمعرات) 22 جون کو دوبارہ طلب کر لیا۔ نیب کی جانب سے عثمان بزدار کو آمدن سے زائد اثاثہ جات اور کرپٹ پریکٹسز کیس میں طلب کیا گیا ہے۔ عثمان بزدار کو مطلوبہ ریکارڈ کے ہمراہ پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ اثاثوں کا مزید ریکارڈ بھی طلب کیا گیا ہے۔

SEALED
BY
A RAWALPINDI

راولپنڈی: راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی مافیا کیخلاف بھرپور کارروائیاں جاری، تصویری جھلکیاں

روپے کی قدر میں اضافہ، ڈالر کی قیمت مزید کم ہوگئی

اوپن مارکیٹ میں امریکی ڈالر کی قیمت میں 1 روپے کی کمی ہوئی ہے

کراچی (جنرل رپورٹر) انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قیمت میں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ اوپن مارکیٹ میں امریکی ڈالر کی قیمت میں 1 روپے کمی ہوئی ہے جس کے بعد ڈالر 290 روپے پر ٹریڈ کر رہا ہے، گزشتہ دو دن کے دوران اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت میں 5 روپے کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ دوسری جانب انٹربینک میں ڈالر کی قیمت میں 22 پیسے کی کمی ہوئی ہے، انٹربینک میں ڈالر 287 روپے پر ٹریڈ کر رہا ہے۔ اوپن مارکیٹ میں امریکی ڈالر کی قیمت میں 1 روپے کمی ہوئی ہے جس کے بعد ڈالر 290 روپے پر ٹریڈ کر رہا ہے، گزشتہ دو دن کے دوران اوپن مارکیٹ (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، 04 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 46)

پارکس کی تزئین و آرائش کو عیدالضحیٰ سے پہلے مکمل کرنے کی ہدایات

پی ایچ اے راولپنڈی کی جانب سے تزئین و آرائش کا کام جلد مکمل کر لیا جائے گا، احمد حسن رانجھا

راولپنڈی (اسرار کاظمی) ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے راولپنڈی احمد حسن رانجھا کی جانب سے راولپنڈی اور مری شہر کے تمام پارکس کی تزئین و آرائش کو عیدالضحیٰ سے پہلے مکمل کرنے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ گورنمنٹ فنڈز استعمال کیے بغیر پی ایچ اے راولپنڈی کی جانب سے تزئین و آرائش کا کام جلد مکمل کر لیا جائے گا۔ راولپنڈی پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی راولپنڈی کی جانب سے شہر (بقیہ نمبر 45)

راولپنڈی اور مری شہر کے تمام پارکس کی تزئین و آرائش کو عیدالضحیٰ سے پہلے مکمل کرنے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں

راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی مافیا کیخلاف بھرپور کارروائیاں جاری

کلر سیداں اور چک بیلی خان روڈ پر تین شادی ہالز، پی ایس او پٹرول پمپ، سیور فوڈ، کار واش، 21 غیر قانونی کمرشل املاک سیل کر دیں

ڈپٹی ڈائریکٹر بلڈنگ کنٹرول، بلڈنگ انسپکٹرز اور دیگر نے متعلقہ تھانے کی پولیس کے تعاون سے غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف آپریشن کیا

راولپنڈی (نامہ نگار خصوصی) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی محمد سیف انور جپہ کی ہدایت پر انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے نے کلر سیداں اور چک بیلی کے موضع پنج گراں میں غیر قانونی اور غیر مجاز کمرشل عمارتوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 21 کمرشل املاک کو سیل کر دیا۔ آر ڈی اے کے ترجمان کے مطابق انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے نے ایک پی ایس او پٹرول پمپ، سیور فوڈز، تین شادی ہالز، ظفر موٹرز، میاں جی پنجاب ہوٹل، چوہدری پلازہ، سیفی ہسپتال، برف خانہ، غلام پوٹھوہار، کران میرج ہال، روز مارکی، فرینڈز ڈیکوریشن، ارسل مارکی، ایوب مارکیٹ، راجپوت مارکیٹ، نیو صغیر رینٹ اے کار، ڈاکٹر ٹریڈرز، من وسلوی، چوہدری ٹریڈرز، بگڑیال فارمز اور فیصل ربی جنرل سٹور سمیت دیگر کمرشل پراپرٹیز کو کلر سیداں اور چک بیلی خان روڈ راولپنڈی کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی ہیں اور سیل کر دیا ہے۔ انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے بشمول ڈپٹی ڈائریکٹر بلڈنگ کنٹرول، بلڈنگ انسپکٹرز اور دیگر نے متعلقہ تھانے کی پولیس کے تعاون سے غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف آپریشن کیا اور مذکورہ کمرشل عمارتوں کو سیل کر دیا ہے۔ مذکورہ سیل کی گئی جائیدادوں کے مالکان ظفر، حاجی اورنگزیب، نعیم، فضل حسین، ڈاکٹر پرویز چٹھہ، راجہ مبین، نوید الرحمان، ملک ناصر، عظمت، راجہ محمد بنارس، نثار (بقیہ نمبر 50)

پشاور، گورنمنٹ کالج چوک فقیر آباد پر پاکٹ گائیڈز کی کھلے عام فروخت کی خبر پر اچانک چھاپہ، دکانیں سیل

پشاور (کرائم رپورٹر) سیکرٹری ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ہدایت پر سیکشن آفیسر (بورڈز) محمد شادمان صافی نے ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر پشاور انجینئر مصباح وحید کے تعاون سے گورنمنٹ کالج چوک فقیر آباد پر پاکٹ گائیڈز کی کھلے عام فروخت کی خبر پر اچانک چھاپہ مارا۔ چھاپے کے دوران بھاری مقدار میں پاکٹ گائیڈز اور دیگر (بقیہ نمبر 48)

کشتی حادثہ، پاکستان میں انسانی سمگلروں کی گرفتاری کا سلسلہ جاری

ملزمان نے کشتی حادثے کے متاثرہ شخص کو یورپ بھیجنے کے لیے 25 لاکھ روپے ہتھیائے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) یونان میں تارکین وطن کے ڈوبنے والی کشتی کے بعد پاکستان میں انسانی سمگلروں کی گرفتاری کا سلسلہ جاری ہے۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے گوجرانوالہ سرکل نے کشتی حادثے میں ملوث مزید 2 انسانی سمگلرز کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے نے کہا ملزمان نے کشتی حادثے کے متاثرہ شخص کو یورپ بھیجنے کے لیے 25 لاکھ روپے ہتھیائے۔ متاثرہ شخص عمیر لیبیا سے اٹلی جاتے ہوئے کشتی حادثے میں جاں بحق ہوگیا تھا۔ گرفتار انسانی اسمگلرز میں محسن جاوید اور شرافت علی شامل ہیں۔ ملزمان کو گوجرانوالہ سے گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور تفتیش کا آغاز بھی ہو گیا ہے۔ گذشتہ روز ق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر انسانی اسمگلنگ کے غیر قانونی کاروبار میں ملوث اسمگلرز کے خلاف آپریشنز میں پنجاب پولیس کو بڑی کامیابی حاصل ہوئی ہے،، انسانی اسمگلنگ اور یونان کشتی حادثہ کے مرکزی ملزم ممتاز ارائیں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس (بقیہ نمبر 49)

پاکستانی یونیورسٹیوں میں ہولی منانے پر پابندی عائد

ہائر ایجوکیشن کمیشن نے پابندی عائد کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

تعلیمی اداروں میں ہولی منانے کے اس اقدام کو مختلف حلقوں کی جانب سے سراہا گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ہائر ایجوکیشن کمیشن نے تمام تعلیمی اداروں میں ہولی کی تقریبات پر پابندی عائد کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ ایچ ای سی نے کہا ہے کہ اس طرح کی سرگرمیاں ملک کی سماجی و ثقافتی اقدار سے مکمل طور پر لاتعلقی کو ظاہر کرتی ہیں اور اسلامی تشخص کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ یہ اقدام رواں ماہ کے اوائل میں اسلام آباد کی قائداعظم یونیورسٹی (کیو اے یو) میں ہولی منانے کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد سامنے آیا۔ ایچ ای سی کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ سماجی و ثقافتی اقدار پر عمل کرنے کے لیے طلبہ کو اس فیسٹیول پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ، ”اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ثقافتی، نسلی اور مذہبی تنوع ایک جامع اور روادار معاشرے کی طرف لے جاتا ہے، جو تمام عقائد اور عقائد کا گہرا احترام کرتا ہے۔ تاہم طالب علموں کو اس بات سے آگاہ کرنے کی ضرورت ہے کہ وہ اپنے ذاتی مفادات سے آگاہ ہوں جو انہیں اپنے مقاصد کے لئے استعمال کرتے ہیں“۔ تعلیمی اداروں میں ہولی منانے کے اس اقدام کو مختلف حلقوں کی جانب سے سراہا گیا جبکہ بیشتر کی جانب سے اسے تنقید کا نشانہ بھی بنایا جا رہا ہے۔

فیصل آباد، 9 مئی کو وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کے گھر پر حملہ کرنیوالے 24 ملزمان 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد 9 مئی کے احتجاج اور جلاؤ گھیراؤ کیس، انسداد دہشت گردی عدالت کے خصوصی جج نے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان کے گھر پر حملہ کرنے والے 24 ملزمان کو 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا جبکہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے سابق بار صدر، سیکرٹری بار سمیت دیگر کی ضمانت منظور کر لی گئیں کر لیا (بقیہ نمبر 53)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کیخلاف کارروائیاں جاری

12 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

منشیات، شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، عامر خان نیازی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں جاری، 12 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق پیرودہائی پولیس نے ملزم ضیاء الحق سے 560 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم رمضان سے 680 گرام چرس، ریس کورس پولیس نے ملزم صحافی سے 600 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم ثاقب سے 560 گرام چرس، دھمیال پولیس نے ملزم شعیب سے 01 کلو 320 گرام چرس، ملزم حبیب سے 01 کلو 220 گرام چرس، ملزم یوسف سے 05 لیٹر شراب، صادق آباد (بقیہ نمبر 51)

جیل کے فرش پر کیڑے رینگتے ہیں کوئی سہولت نہیں دی جا رہی، پرویز الٰہی

مونس الٰہی نے مختلف آف شور اور دیگر جعلی کمپنیوں کے ذریعے منی لانڈرنگ کر کے رقوم بیرون ملک منتقل کیں

پہلی سماعت پر بھی یہی کپڑے پہنے تھے آج بھی وہی سوٹ پہنا ہوا ہے، سابق وزیراعلیٰ پنجاب کا عدالت میں بیان

لاہور (نامہ نگار) چوہدری پرویز الٰہی کا کہنا ہے کہ مجھے جیل میں کوئی سہولت نہیں دی جا رہی، فرش پر کیڑے رینگتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کی مقامی عدالت نے منی لانڈرنگ کیس میں صدر پی ٹی آئی چوہدری پرویز الٰہی کے جسمانی ریمانڈ سے متعلق فیصلہ محفوظ کر لیا، جوڈیشل مجسٹریٹ نے وکلاء کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کیا۔ ایف آئی اے نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔ چوہدری پرویز الٰہی نے عدالت میں بیان دیا کہ مجھے ایف آئی اے والے جیل سے لیکر آئے ہیں، جیل کے فرش پر کیڑے رینگتے ہیں، کوئی سہولت فراہم نہیں کی جا رہی۔ انہوں نے بیان دیا کہ پہلی سماعت پر بھی یہی کپڑے پہنے تھے آج بھی وہی سوٹ پہنا ہوا ہے۔ یہ ہائیکورٹ کا حکم نہیں مان رہے، ان کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی ہونی چاہیے۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز غیر قانونی بھرتی کیس میں اینٹی کرپشن عدالت نے چوہدری پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت منظور کی تھی تاہم ایف آئی اے نے سابق (بقیہ نمبر 58)

صدر واہ پولیس کی کارروائی، تاش پر جواء کھیلنے والے 11 قمار باز گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صدر واہ پولیس کی کارروائی، تاش پر جواء کھیلنے والے 11 قمار باز گرفتار، داؤ پر لگی رقم 01 لاکھ 12 ہزار 300 روپے، 12 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد، موقعہ سے 02 موٹر سائیکل اور کار بھی قبضہ پولیس (بقیہ نمبر59)

خیبر پختونخوا میں مسلم لیگ (ن) کے تمام ونگز کو فعال بنانے کا عمل جاری ہے، مرتضیٰ جاوید عباسی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر پارلیمانی امور و سیکرٹری جنرل مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا ہے کہ آئندہ الیکشن مہم کو کامیاب بنانے کے لئے خیبر پختونخوا میں پاکستان مسلم لیگ کے تمام ونگز کو فعال بنانے کا عمل (بقیہ نمبر 54)

فیصل آباد، 9 مئی واقعات میں زخمی اے ایس آئی محمد اکرم جاں بحق

نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد آبائی گاؤں میں سپرد خاک کر دیا گیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد 9 مئی کے پرتشدد واقعات میں زخمی ہونے والا العزیز فاطمہ ہسپتال میں زیر علاج اے ایس آئی محمد اکرم جاں بحق ہوگیا‘ نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد متوفی کو اس کے آبائی گاؤں 63 ج ب سدھار میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ محمد اکرم اے ایس آئی کے بیٹے عبدالوہاب کے مطابق چند روز قبل اس کے والد کو گھر میں برین ہیمبرج کا اٹیک ہوا جس پر اسے فوری طور پر عزیز (بقیہ نمبر 52)

لاہور: کور کمانڈر ہاؤس حملہ کیس: چیئرمین پی ٹی آئی، بشریٰ بی بی سمیت 5 افراد آج طلب

فیصل آباد، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ خوراک کی نااہلی، آٹے کا مصنوعی بحران پیدا کیا جانے لگا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی اور صوبائی حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے تو دوسری جانب ضلعی انتظامیہ اور محکمہ خوراک کی نااہلی کی وجہ سے آٹے کا مصنوعی بحران پیدا کیا جا رہا ہے ایک ہفتہ کے دوران آٹے کی قیمتوں (بقیہ نمبر 55)

پی ٹی آئی اب قصہ ماضی بن چکی ہے، شبیر احمد عثمانی

قربانیاں دینے والے اور ثابت قدم رہنے والوں کو ن لیگ ٹکٹ دینگے

جاتی امراء (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء وزیراعظم کے معاون خصوصی مذہبی امور شبیر احمد عثمانی نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے قائد میاں محمد نواز شریف کی نااہلی ختم عوام کی نظریں ان کی آمد پر لگی ہوئی ہیں، جلد وطن واپس آکر پارٹی کی انتخابی مہم کی قیادت کریں، چوتھی مرتبہ غیور و باشعور قوم انہیں وزیر اعظم پاکستان دیکھنا چاہتے ہیں، وہ ان خیالات کا اظہار ہمارے نمائندہ سے معلاقات پر کر رہے تھے، اس موقع پر ان کے ہمراہ سابق رکن پنجاب اسمبلی اختر حسین بادشاہ، ایڈووکیٹ حمزہ بادشاہ بھی تھے انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی انتشار و فساد کی سیاست، اداروں کے خلاف ہرزہ سرائی آخری ہچکیاں لے رہی ہے، پی ٹی آئی اب قصہ ماضی بن چکی ہے، قربانیاں دینے والے اور ثابت قدم رہنے والوں کو ن لیگ ٹکٹ دینگے، عام انتخابات، جنوبی پنجاب و ضلع راجن پور کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کرتے (بقیہ نمبر 57)

ڈیرہ غازی خان، عیدالاضحیٰ کے حوالے سے انتظامات کو حتمی شکل کے لیے ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اجلاس منعقد

ڈیرہ غازی خان (جنرل رپورٹر) شہر میں عیدالاضحیٰ کے حوالے سے بہترین انتظامات کو حتمی شکل کے لیے اجلاس بدھ کے روز ڈپٹی کمشنر مہر شاہد زمان لک کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز رضوان نذیر، محمد اسد چانڈیہ، اے سیز عثمان غنی، زاہد اقبال، طارق شبیر، ڈی جی پی ایچ اے طاہر جاوید انصاری، سی ای او ایجوکیشن محمد (بقیہ نمبر 56)

گوجر خان: بلدیہ گوجرخان پیسہ بنانے میں مگن جنرل بس سٹینڈ سمیت ملحقہ اڈوں پر سفری سہولیات کا فقدان

بلدیہ گوجر خان پیسہ بنانے میں مگن، ملحقہ اڈوں پر سفری سہولیات کا فقدان

اڈوں پر نہ چھاؤں کا انتظام نہ ہی انتظار گاہیں اور نہ ہی پینے کے پانی کی سہولت

بارش ہو آندھی ہو یا شدید گرمی مسافر کھلے آسمان تلے موسم کی سختیاں برداشت کرنے پر مجبور

گوجر خان (سٹاف رپورٹر) تفصیلات کے مطابق گوجر خان شہر میں لوکل روٹس پر چلنے والی ٹرانسپورٹ کے اڈوں پر سفری سہولیات کا شدید فقدان مسافروں کے بیٹھنے کے لیے نہ تو کوئی انتظار گاہیں موجود اور نہ ہی سائے کا انتظام عرصہ دراز سے ان ویگن و بس سٹینڈز سے صرف پیسہ ہی کمایا جا رہا ہے مسافر و ٹرانسپورٹرز کھلے آسمان تلے بے یارو مددگار رلنے پر مجبور گوجر خان انتظامیہ اور بلدیہ کی بے حسی کی انتہا لاوارث تحصیل گوجر خان میں یہ مسئلہ عرصہ دراز سے پیش ہے جبکہ دوسری جانب عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ہر سال کروڑوں روپے کی نیلامی ہوتی ہے اور سارا پیسہ میونسپل کمیٹی میں جاتا ہے جبکہ بس (بقیہ نمبر60)

22 جون کو سال کا طویل ترین دن جبکہ مختصر ترین رات ہوگی

آج سے دن کا دورانیہ کم اور راتیں طویل ہونا شروع ہو جائیں گی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) 22 جون کو سال کا طویل ترین دن جبکہ مختصر ترین رات ہوگی۔ ماہرین فلکیات کے مطابق 22 جون 2023ء کو سال کا طویل ترین دن جبکہ مختصر ترین رات ہوگی اس روز دن کا دورانیہ تقریباً 14 گھنٹے جبکہ رات 10 گھنٹوں کی ہوگی۔ یکم جولائی کے بعد دن کا دورانیہ بتدریج کم ہونا شروع ہوجاتا ہے اور 22 ستمبر کو دن اور رات کا دورانیہ تقریباً برابر ہوتا ہے جبکہ اس کے بعد راتوں کے دورانیے میں اضافہ اور دن کا دورانیہ مختصر ہونا شروع ہو جاتا ہی 22 دسمبر سال کا مختصر تر (بقیہ نمبر 64)

14 اور 15 سالہ دو بچوں سے زیادتی کرنے والا درندہ صفت ملزم گرفتار، کلر سیداں پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) کلر سیداں پولیس کی فوری کارروائی، 14 اور 15 سالہ دو بچوں سے زیادتی کرنے والا درندہ صفت ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 14 اور 15 سالہ دو بچوں (بقیہ نمبر 62)

رائیونڈ نامعلوم مسلح ڈاکوؤں کی واردات محمد صابر کے ملازمین سے پونے 9 لاکھ کی 21 سو کلو مرغی لوٹ کر فرار

رائیونڈ (کرائم رپورٹر) رائیونڈ نامعلوم مسلح ڈاکوؤں کی واردات محمد صابر کے ملازمین سے پونے 9 لاکھ کی 21 سو کلو مرغی لوٹ کر فرار، فیصل ٹاؤن میں اے ٹی ایم سے پیسے نکلوانے والے انشال احمد سے 85 ہزار، رائیونڈ میں ڈاکو سبزی فروش (بقیہ نمبر 63)

اتحادی حکومت ہر شعبے میں بہتری لانے کی کوشش کر رہی ہے، میاں جاوید لطیف

مسلم لیگ ن اگلے انتخابات میں جیت کر حکومت بنائے گی، وفاقی وزیر کا انٹرویو

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ اتحادی حکومت ہر شعبے میں بہتری لانے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن اگلے انتخابات میں جیت کر حکومت بنائے گی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ نواز شریف کی قیادت میں ملک نے ہر شعبے میں کامیابیاں حاصل کیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی گزشتہ حکومتوں نے بہت سے چیلنجوں کے باوجود (بقیہ نمبر 61)

چین کے ساتھ تعلقات خراب کرنے میں اسد عمر کا بڑا کردار ہے، فیصل واوڈا

ان سب نے مل کر چیئرمین پی ٹی آئی کو بند گلی میں لے آئے ہیں، انہوں نے ہمیشہ پیچھے سے خنجر مارا ہے، سابق وفاقی وزیر

یہ دونوں طرف سے کھیل رہے تھے، خود وزیراعظم بننا چاہتے تھے، ان کی وزارت سے پی ٹی آئی کیخلاف رپورٹیں نکلتی تھیں

لاہور (نامہ نگار) سابق وفاقی وزیر فیصل واوڈا کا کہنا ہے کہ استحکام پاکستان پارٹی استحکام لانے کی بھرپور کوشش کر رہی ہے، میں نے پہلے ہی کہا تھا کہ میں استحکام پاکستان پارٹی میں شامل نہیں ہوں گا۔ جن کو سانپ، کیڑے کہتے تھے وہ سب سامنے آ گئے ہیں، یہ سب ہر طرح سے ایکسپوز ہو گئے ہیں۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ دونوں طرف سے کھیل رہے تھے، خود وزیراعظم بننا چاہتے تھے، ان کی وزارت سے پی ٹی آئی کیخلاف رپورٹیں نکلتی تھیں، میں چیئرمین پی ٹی آئی کو بتاتا رہا کہ لوگ آپ کو ہٹا کر خود بننا چاہتے ہیں، فیصل واوڈا نے مزید کہا کہ ایک سائیکل چلانے والے کو جہاز دے دیا گیا، چین کے ساتھ تعلقات خراب کرنے میں اسد عمر کا بڑا کردار ہے۔ ان سب نے مل کر چیئرمین پی ٹی آئی کو بند گلی میں لے آئے ہیں، انہوں نے ہمیشہ پیچھے سے خنجر مارا ہے۔ یہ سارے اپنی چوری بچانے کیلئے استحکام پاکستان پارٹی میں گئے ہیں۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ الیکشن اس سال ہو جائیں گے، پارٹی اب کوئی رہی نہیں کہ جس پارٹی میں جاؤں، استحکام (بقیہ نمبر65)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035